6581 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَعْيَنَ، ثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْمِنْهَالِ الْغَنَوِيُّ، حَدَّثَنِي مُهَنَّدُ الْقَيْسِيُّ، وَكَانَ ثِقَةً، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكُمْ فِي نُبُوَّةٍ وَرَحْمَةٍ، وَسَتَكُونُ خِلَافَةٌ وَرَحْمَةٌ، ثُمَّ يَكُونُ كَذَا وَكَذَا، ثُمَّ يَكُونُ مُلْكًا عَضُوضًا، يَشْرَبُونَ الْخُمُورَ، وَيَلْبَسُونَ الْحَرِيرَ، وَفِي ذَلِكَ يُنْصَرُونَ إِلَى أَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم نبوت اور رحمت میں ہے عنقریب خلافت اور رحمت ہوگی' پھر اس اس طرح ہوگا' پھر بادشاہت ہوگی' وہ شراب پئیں گے' ریشم پہنیں گے اس کے باوجود قیامت کے دن تک اس کی مدد کی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمِنْهَالِ إِلَّا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ

یہ حدیث علاء بن منہال سے زید بن جابر روایت کرتے ہیں۔

6582 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثَنَا شَرِيكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي ظَبْيَةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قبولیت اللہ کی جانب سے اور جنت آسمان سے ہے' جب اللہ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو

6581- اسناده فيه: العلاء بن المنهال الغنوى' ذكره ابن حبان فى الثقات' وقال أبو زرعة: ثقة' وذكره العقيلى فى الضعفاء' وذكر له حديثًا غير هذا' وقال: لا يتابع عليه .

6582- اسناده فيه: شريك بن عبد الله صدوق يخطئ كثيرًا (التقريب) .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمِقَةُ مِنَ اللّٰهِ، وَالصِّيتُ فِي السَّمَاءِ، فَإِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا قَالَ: يَا جِبْرِيلُ، إِنَّ رَبَّكُمْ يُحِبُّ فُلَانًا، فَأَحِبُّوهُ. قَالَ: فَيُنَادِي جِبْرِيلُ، فَيَنْزِلُ لَهُ الْمِقَةُ عَلَى أَهْلِ الْأَرْضِ

فرماتا ہے: اے جبریل! آپ کا رب فلاں سے محبت کرتا ہے' تُو بھی اس سے محبت کر۔ حضرت جبریل اعلان کرتے ہیں اور اس کی مقبولیت زمین والوں میں رکھی جاتی ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ شَرِيكٌ

یہ حدیث ابوامامہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں شریک اکیلے ہیں۔

6583 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَرْوَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حَنْظَلَةَ قَالَ: قَالَ حُذَيْفَةُ: لَا تَدَعُ مُضَرُ عَبْدًا لِلَّهِ إِلَّا فَتَنُوهُ أَوْ قَتَلُوهُ، حَتَّى لَا يَمْنَعُوا ذَنْبَ تَلْعَةَ. قَالَ: فَقَالُوا: تَقُولُ هَذَا، وَأَنْتَ رَجُلٌ مِنْ مُضَرَ قَالَ: أَلَا أَقُولُ مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

حضرت عمر بن حذیفہ فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ نے فرمایا: مضر والے اللہ کے کسی بندے کو نہ چھوڑیں گے' مگر اسے فتنے میں ڈالیں گے' اس کو قتل کریں گے' تاکہ گناہ کوئی نہ رہے۔ راوی کا بیان ہے: انہوں نے کہا: تو یہ بات کہتا ہے اس حالت میں کہ تُو قبیلہ مضر والا آدمی ہے۔ حضرت حذیفہ نے فرمایا: میں وہی کہتا ہوں جو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے؟

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ

یہ حدیث اعمش سے عبداللہ بن نمیر روایت کرتے ہیں۔

6584 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْمُبَارَكِ الْكُوفِيُّ، نا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی کسی مجلس میں ہو' اس سے زیادہ غلطیاں ہو جائیں تو وہ کھڑا ہونے سے پہلے "سبحانك ربنا......" پڑھ لے جو اس مجلس میں لغویات ہوئی ہیں'

6583- اسناده فيه: عمرو بن حنظلة ترجمه ابن حجر في تعجيل المنفعة (**309**) وقال: وثقه ابن حبان' وذكره ابن أبي حاتم ولم يذكر فيه جرحًا . تخريجه أحمد' والبزار من طرق بنحوه وأطول منه . وانظر مجمع الزوائد جلد **7** صفحه**316** .

6584- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد**4**صفحه**266** رقم الحديث: **4858** بنحوه' والترمذي: الدعوات جلد **5** صفحه**494** رقم الحديث: **3433** وقال: حسن غريب صحيح . وأحمد: المسند جلد**2**صفحه**651** رقم الحديث: **10426** .

هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَلَسَ مَجْلِسًا كَثُرَ فِيهِ لَغَطُهُ، فَقَالَ قَبْلَ اَنْ يَقُومَ: سُبْحَانَكَ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَيْكَ، كَانَ كَفَّارَةٌ لِمَا كَانَ فِي ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ

ان کا کفارہ ہو جائے گا۔

لَمْ يُدْخِلْ فِي اِسْنَادِ هٰذَا الْحَدِيثِ بَيْنَ حَجَّاجٍ، وَابْنِ جُرَيْجٍ: سُفْيَانَ، اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَاهُ عَنْ حَجَّاجٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ الْمُبَارَكِ

اس حدیث کی سند میں حجاج سے روایت کرنے والوں میں سے حجاج اور ابن جریج کے درمیان سفیان کو یحییٰ بن مبارک نے داخل کیا ہے۔

6585 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، نا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِي دَاوُدَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ بُرَيْدَةَ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بُرَيْدَةُ، اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ، مَنْ اَرَادَ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا عَلَّمَهُنَّ اِيَّاهُ، ثُمَّ لَمْ يَنْسَهُنَّ اَبَدًا؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: قُلِ: اللّٰهُمَّ اِنِّي ضَعِيفٌ فَقَوِّ فِي رِضَاكَ ضَعْفِي، وَخُذْ اِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِي، وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَهَى رِضَائِي، اللّٰهُمَّ اِنِّي ضَعِيفٌ فَقَوِّنِي، وَاِنِّي ذَلِيلٌ فَاَعِزَّنِي، وَاِنِّي فَقِيرٌ فَاَغْنِنِي

حضرت بریدہ بن اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اے بریدہ! کیا میں آپ کو ایسے کلمات نہ بتاؤں جس کے ساتھ اللہ عزوجل بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اس کو وہ کلمات سکھا دیتا ہے پھر ان کو ہمیشہ کے لیے بھلاتا نہیں ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں؟ آپ نے فرمایا: تو پڑھ ''اللّٰھم انی ضعیف الی آخرہٖ''۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ بُرَيْدَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَلَاءُ بْنُ الْمُسَيَّبِ

یہ حدیث بریدہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں علاء بن میسب اکیلے ہیں۔

6586 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْيَنَ، ثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کی رضا کے لیے مسجد بنائی اللہ

6585- اسناده فيه: أبو داؤد الهمذاني (هو نفيع بن الحارث) متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه185 .

6586- اسناده فيه: كثير بن عبد الرحمٰن المؤذن' ترجمه ابن أبي حاتم' وسكت عنه' وقال الذهبي في الميزان جلد3 صفحه409: ضعيف . قاله الأزدي والعقيلي . وأخرجه أيضًا البزار . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه11 .

عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَنَى لِلّٰهِ مَسْجِدًا بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث عطاء سے کثیر بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔

6587 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَعْيَنَ، نا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، نا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، حَدَّثَنِي قَيْسُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِيَّاكُمْ وَالظُّلْمَ، فَإِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ظلم سے بچو! کیونکہ ظلم قیامت کے اندھیروں میں سے اندھیرا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ

یہ حدیث مسور بن مخرمہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن بلال اکیلے ہیں۔

6588 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَعْيَنَ، نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، نا أَبُو هِلَالٍ، نا عُقْبَةُ بْنُ أَبِي ثُبَيْتٍ الرَّاسِبِيُّ واسْمُ أَبِي ثُبَيْتٍ سُرَيْجٌ، عَنْ أَبِي الْجَوْزَاءِ قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، وَأَمَرَنَا بِالصَّرْفِ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ دَخْلَةً، فَقَالَ: إِنَّا كُنَّا نَأْمُرُكُمْ، وَإِنَّا نَنْهَاكُمْ عَنْهُ، فَقُلْتُ: كَيْفَ نَصْنَعُ بِمَا أَمَرْنَا بِهِ النَّاسَ؟ فَقَالَ: إِنِّي لَقِيتُ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هُوَ أَعْلَمُ بِذَلِكَ مِنِّي،

حضرت ابوالجوزاء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، آپ نے ہم کو بیع صرف کا حکم دیا، میں آپ کے پاس آیا، عرض کی: آپ ہمیں حکم دیتے ہیں حالانکہ ہم کو اس سے منع کیا جاتا ہے۔ میں نے عرض کی: ہم کیا کریں! جو ہم لوگوں کو کرنے کا حکم دیا جاتا ہے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب سے ملا جو مجھ سے زیادہ عالم ہیں، مجھے انہوں نے روک دیا، میں نے تم کو منع

6587- اسناده فيه: يحيى الحماني ثقة حافظ لكنه اتهم بسرقة الحديث . وأخرجه أيضًا الطبراني في الكبير . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه238 .

6588- أخرجه ابن ماجة: التجارات جلد2صفحه759 رقم الحديث: 2258 .

فَنَهَانِي، فَنَهَيتُكُمْ كَمَا نَهَانِي

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ اَبِي ثُبَيْتٍ إِلَّا اَبُو هِلَالٍ . وَالرَّجُلُ الَّذِي لَقِيَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ اَبُو سَعِيدٍ

کیا جس طرح مجھے منع کیا گیا ہے۔

یہ حدیث عقبہ بن ابی ثبیت سے ابو ہلال روایت کرتے ہیں وہ آدمی جو ابن عباس کو ملا وہ ابوسعید تھے۔

6589 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْيَنَ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ هَارُونَ بْنِ رِئَابٍ، عَنْ اَبِي نَجِيحٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِسْكِينٌ مِسْكِينٌ مِسْكِينٌ، رَجُلٌ لَيْسَ لَهُ امْرَاَةٌ، وَاِنْ كَانَ كَثِيرُ الْمَالِ . مِسْكِينَةٌ مِسْكِينَةٌ مِسْكِينَةٌ، امْرَاَةٌ لَيْسَ لَهَا زَوْجٌ، وَاِنْ كَانَتْ كَثِيرَةَ الْمَالِ

حضرت ابونجیح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسکین وہ ہے جس کی شادی نہ ہو اگر چہ وہ بہت زیادہ مال دار ہو مسکینہ ہے وہ عورت جس کا شوہر نہ ہو اگر چہ وہ مال دار ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هَارُونَ بْنِ رِئَابٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ

یہ حدیث ہارون بن رئاب سے محمد بن ثابت روایت کرتے ہیں۔

6590 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْيَنَ، نا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، ثَنَا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِي رَجَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَاَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْغِيبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا . قِيلَ: وَكَيْفَ؟ قَالَ: الرَّجُلُ يَزْنِي ثُمَّ يَتُوبُ، فَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَاِنَّ صَاحِبَ الْغِيبَةِ لَا يُغْفَرُ لَهُ حَتَّى يَغْفِرَ لَهُ صَاحِبُهُ

حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: غیبت زنا سے زیادہ بری ہے عرض کی گئی: کیسے؟ آپ نے فرمایا: زانی زنا کرتا ہے پھر توبہ کرتا ہے تو اللہ توبہ قبول کر لیتا ہے اور غیبت کرنے والے کو اس وقت تک نہیں بخشا جائے گا جب تک وہ نہ بخش دے جس کی غیبت کی گئی ہے۔

6589- اسناده فيه: محمد بن ثابت العبدى أبو عبد الله البصرى صدوق لين الحديث (التقريب) . وقال الهيثمى فى المجمع جلد4صفحه255: ورجاله ثقات' الا أن أبا نجيح لا صحبة له .

6590- اسناده فيه: عباد بن كثير متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد8صفحه94 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ إِلَّا عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو رَجَاءٍ الْخُرَاسَانِيُّ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث جریری سے عباد بن کثیر سے روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ابورجاء الخراسانی اکیلے ہیں۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

6591 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَعْيَنَ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، ثَنَا مُجَاهِدٌ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ لِآلِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحْشٌ، فَكَانَ يُقْبِلُ وَيُدْبِرُ، فَإِذَا دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَضَ، فَلَمْ يَتَزَمْزَمْ كَرَاهِيَةَ أَنْ يُؤْذِيَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل کے پاس ایک وحشی جانور تھا' وہ اِدھر اُدھر ہوتا تھا' جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم داخل ہوتے تو وہ کھڑا ہو جاتا' وہ حرکت نہ کرتا' یہ ناپسند کرتے ہوئے کہ رسول اللہ کو تکلیف نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَاهِدٍ إِلَّا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَائِشَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث مجاہد سے یونس بن ابواسحاق روایت کرتے ہیں۔حضرت عائشہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

6592 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ، ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ؟ قَالَ: الْمَاءُ وَالْمِلْحُ وَالنَّارُ قَالَتْ: هَذَا الْمَاءُ قَدْ عَرَفْنَاهُ، فَمَا بَالُ الْمِلْحِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ عرض کی گئی: یارسول اللہ! کون سی شی ہے جس سے روکنا جائز نہیں ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پانی' نمک اور آگ۔عرض کی گئی: پانی کو ہم نے جان لیا' نمک اور آگ کیسے؟ آپ نے فرمایا: جس نے کسی کو نمک دیا' گویا اس نے صدقہ کیا جو بھی نمک سے تیار کیا جائے گا' جس سے آگ دی گویا

6591- اسناده صحيح . ورجاله ثقات . تخريجه أحمد' وأبو يعلى' والبزار . وانظر مجمع الزوائد جلد9صفحه7 . قلت: رجال اسناده ثقات الا أن فى سماع مجاهد من عائشة اختلاف . وقال ابن حجر: وقع التصريح بسماعة منها عند أبى عبد الله البخارى فى صحيحه .

6592- اسناده فيه: زهير بن مرزوق قال البخارى: منكر الحديث مجهول (التهذيب' والميزان جلد2صفحه85) . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه136 .

وَالنَّارِ؟ فَقَالَ: مَنْ اَعْطَى مِلْحًا فَكَاَنَّمَا تَصَدَّقَ بِجَمِيعِ مَا طَيَّبَ ذَلِكَ الْمِلْحُ، وَمَنْ اَعْطَى نَارًا فَكَاَنَّمَا تَصَدَّقَ بِجَمِيعِ مَا اَنْضَجَتْ تِلْكَ النَّارُ، وَمَنْ سَقَى مُسْلِمًا شَرْبَةً مِنْ مَاءٍ حَيْثُ يُوجَدُ الْمَاءُ فَكَاَنَّمَا اَعْتَقَ رَقَبَةً، وَمَنْ سَقَى مُسْلِمًا شَرْبَةً مِنْ مَاءٍ حَيْثُ لَا يُوجَدُ الْمَاءُ فَكَاَنَّمَا اَحْيَاهُ

اس نے تمام چیزیں دیں جو آگ جلائے گی' جس نے کسی مسلمان کو پانی پلایا حالانکہ پانی موجود تھا تو گویا اُس نے چار غلام آزاد کرنے کا ثواب پایا' جس نے کسی مسلمان کو پانی پلایا جبکہ پانی موجود نہیں تھا' گویا اس نے مردے کو زندہ کیا۔

لَمْ يُسْنِدْ زُهَيْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ غَيْرَ هَذَا، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ

زہیر بن مرزوق کے علاوہ کوئی مسنداً روایت نہیں کرتا ہے۔اس کو روایت کرنے میں علی بن غراب اکیلے ہیں۔

6593 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ زِيَادٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَعَدَ عَلَى قَبْرِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، فَقَالَ: لَوْ نَجَا اَحَدٌ مِنْ ضَغْطَةِ الْقَبْرِ لَنَجَا سَعْدٌ، وَلَقَدْ ضُمَّ ضَمَّةً، ثُمَّ رُخِيَ عَنْهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ' حضرت سعد بن معاذ کی قبر کے پاس کھڑے ہوئے' فرمایا: اگر کوئی قبر کی سختی سے نجات پاتا تو سعد ضرور نجات پاتا' اس کو قبر نے تنگ کیا پھر چھوڑ دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي النَّضْرِ اِلَّا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث ابونضر سے عمرو بن حارث روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

6594 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوسَى الْخُتُلِّيُّ، ثَنَا يُوسُفُ بْنُ زِيَادٍ الْوَاسِطِيُّ، نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادِ بْنِ اَنْعَمَ الْاِفْرِيقِيُّ الْقَاضِي،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں ایک دن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بازار میں داخل ہوا' آپ کپڑا فروخت کرنے والے کے

6593- اسناده حسن' فيه: خالد بن خداش البصرى صدوق يخطئ (التقريب) . وأخرجه أيضًا الطبرانى فى الكبير . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه49 .

6594- اسناده فيه: يوسف بن زياد البصرى' قال البخارى: وأبو حاتم: منكر الحديث' وقال الدارقطنى: هو مشهور بالأباطيل (اللسان جلد6صفحه321' والميزان جلد4صفحه465) . وأخرجه أيضًا أبو يعلى . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه124 .

عَنِ الْاَغَرِّ اَبِی مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: دَخَلْتُ یَوْمًا السُّوقَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَجَلَسَ اِلَی الْبَزَّازِینَ، فَاشْتَرَی سَرَاوِیلَ بِاَرْبَعَةِ دَرَاهِمَ، وَكَانَ لِاَهْلِ السُّوقِ وَزَّانٌ قَالَ: فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اتَّزِنْ وَارْجِحْ، فَقَالَ الْوَزَّانُ: اِنَّ هٰذِهِ الْكَلِمَةُ مَا سَمِعْتُهَا مِنْ اَحَدٍ. قَالَ اَبُو هُرَیْرَةَ: فَقُلْتُ لَهُ: كَفَی بِكَ مِنَ الْجَفَاءِ فِی دِیْنِكَ اَنْ لَا تَعْرِفَ نَبِیَّكَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَطَرَحَ الْمِیزَانَ، وَوَثَبَ اِلَی یَدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُقَبِّلُهَا، فَجَذَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدَهُ مِنْهُ، وَقَالَ: هٰذَا اِنَّمَا یَفْعَلُهُ الْاَعَاجِمُ بِمُلُوكِهَا، اِنَّمَا اَنَا رَجُلٌ مِنْكُمْ، فَزِنْ وَارْجِحْ، وَاَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ السَّرَاوِیلَ. قَالَ اَبُو هُرَیْرَةَ: فَذَهَبْتُ لِاَحْمِلَهُ عَنْهُ، فَقَالَ: صَاحِبُ الشَّیْءِ اَحَقُّ بِشَیْئِهِ اَنْ یَحْمِلَهُ، اِلَّا اَنْ یَكُونَ ضَعِیفًا یَعْجِزُ عَنْهُ فَیُعِینُهُ اَخُوهُ الْمُسْلِمُ. قَالَ: قُلْتُ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاِنَّكَ لَتَلْبَسُ السَّرَاوِیلَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَبِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ، وَفِی السَّفَرِ وَالْحَضَرِ، فَاِنِّی اُمِرْتُ بِالتَّسَتُّرِ، فَلَمْ اَجِدْ شَیْئًا اَسْتَرَ مِنْهُ

پاس بیٹھے' آپ نے شلوار خریدی چار درہم کی' بازار والے سے فرمایا: اس کا وزن کرو! حضورﷺ نے فرمایا: تولو اور جھکا کر دو! وزن کرنے والے نے کہا: میں نے یہ کلمہ آج تک نہیں سنا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اس کو کہا: تیرے لیے دین سے دوری اتنی ہی کافی ہے کہ تُو نے حضورﷺ کو پہچانا نہیں۔ اس نے ترازو چھوڑا' حضورﷺ کا دست مبارک پکڑا' اس کا بوسہ لیا۔ حضورﷺ نے اپنا دست مبارک اس سے چھڑا لیا اور فرمایا: یہ عجمی لوگ اپنے بادشاہوں سے ایسے کرتے ہیں' میں تم میں سے آدمی ہوں' تو اس کو تول اور جھکا کر دے۔ حضورﷺ نے اس سے شلوار لی۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں گیا تا کہ اس کو اُٹھا لوں تو آپﷺ نے فرمایا: شی کا مالک شی کو اُٹھانے کا زیادہ حق دار ہوتا ہے' ہاں! اگر وہ کمزور ہے کہ وہ اس کو اُٹھا نہیں سکتا ہے تو مسلمان بھائی اس کی مدد کرے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے شلوار پہننی ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! دن ورات سفر اور حضر میں مجھے پردہ کا حکم دیا گیا' میں شلوار سے زیادہ ستر والی کوئی شی نہیں پاتا ہوں۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اِلَّا الْاَغَرُّ، وَلَا عَنِ الْاَغَرِّ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِیَادٍ

یہ حدیث ابوہریرہ سے الاغر اور اغر سے عبدالرحمٰن بن زیاد روایت کرتے ہیں۔

6595 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا یَحْیَی

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6595- أخرجه الترمذي: الأطعمة جلد**4**صفحه**287** رقم الحديث: **1856** بلفظ: تعشوا ولو...... . وقال: حديث منكر .
وأبو نعيم في الحلية جلد**8**صفحه**214** وقال: غريب من حديث عنبسة وابن السماك .

بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، ثَنَا ابْنُ السَّمَّاكِ، نا عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَدَعُوا عَشَاءَ اللَّيْلِ وَلَوْ بِكَفٍّ مِنْ حَشَفٍ، فَإِنَّ تَرْكَهُ مَهْرَمَةٌ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رات کا کھانا نہ چھوڑو اگرچہ تھوڑا ہی کھاؤ' کھاؤ ضرور! کیونکہ رات کا کھانا چھوڑنے سے بڑھاپا جلدی آتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ السَّمَّاكِ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں ابن سماک اکیلے ہیں۔

6596 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ اللَّخْمِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ جِبْرِيلَ اَطْعَمَنِي الْهَرِيسَةَ، يَشُدُّ بِهَا ظَهْرِي لِقِيَامِ اللَّيْلِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے ہریسہ کھلایا' اس سے پشت مضبوط ہوگئی رات کے قیام کے لیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے محمد بن حجاج روایت کرتے ہیں۔

6597 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَاتَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ مَبْدَاَهُ، وَصَلَّى فِي مَسْجِدِهَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ذی الحلیفہ کے مقام پر اس کی ابتداء میں رات گزاری اور اس جگہ نماز پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا يُونُسُ

یہ حدیث زہری سے یونس روایت کرتے ہیں۔

6596- اسناده فيه: محمد بن الحجاج اللخمي متهم بالكذب' والوضع . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه41 .

6597- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه509 رقم الحديث: 1574' ومسلم: الحج جلد 2صفحه846 ولفظه لمسلم .

6598 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ، ثَنَا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَرِدُ عَلَيَّ قَوْمٌ مِمَّنْ كَانُوا مَعِي، فَإِذَا رُفِعُوا إِلَيَّ وَرَأَيْتُهُمُ اخْتُلِجُوا دُونِي، فَأَقُولُ: يَا رَبِّ أُصَيْحَابِي أُصَيْحَابِي، فَيُقَالُ: إِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثُوا بَعْدَكَ

وَلَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ

6599 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ اسْتَخْلَفُوا عَلَيْهِمْ خَلِيفَةً، فَقَامَ يُصَلِّي فِي الْقَمَرِ عَلَى ظَهْرِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَذَكَرَ أُمُورًا صَنَعَهَا، فَتَدَلَّى بِسَبَبٍ، فَأَصْبَحَ السَّبَبُ مُعَلَّقًا بِالْمَسْجِدِ، وَقَدْ ذَهَبَ، فَانْطَلَقَ حَتَّى أَتَى قَوْمًا عَلَى شَطِّ الْبَحْرِ، فَوَجَدَهُمْ يَصْنَعُونَ لَبِنًا، فَسَأَلَهُمْ: كَيْفَ يَأْخُذُونَ عَلَى هَذَا اللَّبِنِ؟ فَأَخْبَرُوهُ، فَلَبِسَ مَعَهُمْ، فَكَانَ يَأْكُلُ مِنْ عَمَلِ يَدَيْهِ، حَتَّى إِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ تَطَهَّرَ فَصَلَّى، فَرَفَعَ ذَلِكَ الْعَامِلُ إِلَى دِهْقَانِهِمْ، أَنَّ فِينَا رَجُلًا يَصْنَعُ كَذَا وَكَذَا، فَأَرْسَلَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھ پر ایسی قوم پیش کی گئی جو میرے ساتھ تھی' جب وہ میری طرف پیش کیے گئے تو میں نے ان کو دکھا کہ انہوں نے مجھ سے پردہ کرلیا۔ میں نے عرض کی: اے رب! میرے صحابی ہیں' میرے صحابی ہیں۔ کہا جائے گا: آپ کو معلوم نہیں ہے کہ انہوں نے آپ کے بعد کیا کیا۔

یہ حدیث قتادہ سے حکم بن عبدالملک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسن بن بشر اکیلے ہیں۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما اپنے والد سے' وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بنی اسرائیل نے اپنے اوپر ایک نائب بنایا' وہ بیت المقدس کی چھت پر چاندنی میں نماز پڑھانے کھڑا ہوا۔ آپ نے ان چیزوں کا ذکر کیا جو اس نے کیں۔ وہ ایک سبب سے لٹک گیا اور وہ سبب مسجد سے معلق ہوگیا اور وہ چلا گیا' یہاں تک کہ سمندر کے کنارے ایک قوم کے پاس آیا۔ سو اُس نے دیکھا وہ کچی دیوار بنا رہے تھے۔ اس نے اُن سے دریافت کیا: اس دیوار پر کیا لیتے ہو؟ سو اُن لوگوں نے اُسے مکمل خبر دی' وہ اُن کے ساتھ مل کر اپنے ہاتھوں کی کمائی کھانے لگا یہاں تک کہ جب نماز کا وقت ہوا تو اس نے پاکی حاصل کر کے نماز پڑھی۔ سو وہ مزدور اپنے دہقانوں کے پاس یہ بات لے

6598- اسناده فيه: الحكم بن عبد الملك ضعيف (التقريب' والتهذيب) وأخرجه أيضًا الطبراني في الكبير .

6599- اسناده فيه: قيس بن الربيع صدوق تغير لما كبر (التقريب) . تخريجه الطبراني في الكبير والبزار . وانظر مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 222 .

إِلَيْهِ، فَأَبَى أَنْ يَأْتِيَهُ قَالَ: ثُمَّ إِنَّهُ جَاءَ هُوَ يَسِيرُ عَلَى دَابَّتِهِ، فَلَمَّا رَآهُ الْآخَرُ، فَرَّ، فَتَبِعَهُ، فَسَبَقَهُ، فَقَالَ: أَنْظِرْنِي، أُكَلِّمْكَ كَلِمَةً، فَقَامَ حَتَّى كَلَّمَهُ، فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ كَانَ مَلِكًا، وَأَنَّهُ فَرَّ مِنْ رَهْبَةِ ذَنْبِهِ، فَقَالَ: إِنِّي لَاحِقٌ بِكَ، فَعَبَدَ اللَّهَ بِرُمَيْلَةِ مِصْرَ . قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: لَوْ كُنْتُ بِمِصْرَ لَأَرَيْتُكُمُ الْمَوْضِعَ، بِصِفَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِي وَصَفَ لَنَا

کر پہنچا کہ ہم میں ایک آدمی ایسے ایسے کرتا ہے۔ اس نے بلا بھیجا لیکن اس نے آنے سے صاف انکار کر دیا۔ راوی کا بیان ہے: پھر وہ خود آیا اس حال میں کہ وہ اپنی سواری پر سوار ہو کر چل رہا تھا۔ سو جب دوسرے نے اُس کو دیکھا تو وہ بھاگ کھڑا ہوا۔ وہ پیچھے سے دوڑ کر اس تک پہنچ گیا' اس نے کہا: ذرا میری طرف دیکھ' میں تجھ سے ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ اس نے کھڑے ہو کر اس سے بات کی۔ اس نے بتایا کہ میں بادشاہ تھا۔ وہ اپنے گناہ کے ڈر سے بھاگ نکلا' تو اس نے کہا: میں تجھے پیچھے سے ملنے والا ہوں' پس اس نے مصر کے ٹیلے پر اللہ کی عبادت کی۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر میں مصر میں ہوتا تو تم کو وہ جگہ ضرور دکھاتا' اس وجہ سے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمارے سامنے اس کی تعریف فرمائی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ إِلَّا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ

سماک سے اس حدیث کو صرف قیس بن ربیع نے روایت کیا۔

6600 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ نَبِيًّا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ حَاصَرَ أَهْلَ مَدِينَةٍ حَتَّى خَافَ أَنْ يَفْتَحَهَا، وَخَشِيَ أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ، فَقَالَ: أَيَّتُهَا الشَّمْسُ، إِنَّكِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: انبیاء میں سے کسی نبی نے کسی شہر والوں کا محاصرہ کیا' خوف ہوا فتح کرنے کا اور سورج کے غروب ہونے کا خوف ہوا' اس نبی نے کہا: اے سورج! تُو بھی مامور ہے' میں بھی مامور ہوں' تجھے قسم دیتا ہوں کہ تُو دن کی ایک گھڑی مجھ پر رُکا رہ۔ تو اللہ عزوجل نے اس کو روک لیا یہاں تک کہ شہر فتح ہوا۔ اس وقت یہ تھا کہ جب

6600- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد2صفحه139 وقال: هذا حديث غريب صحيح ولم يخرجاه . ووافقه الذهبي . وعزاه السيوطي أيضًا الى عبد الرزاق في المصنف . انظر الدر المنثور جلد2صفحه272-273 .

مَأْمُورَةٌ، وَأَنَا عَبْدٌ مَأْمُورٌ، عَزَمْتُ عَلَيْكَ إِلَّا رَكَدْتِ عَلَيَّ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ قَالَ: فَحَبَسَهَا اللّٰهُ عَلَيْهِ حَتَّى فَتَحَ الْمَدِينَةَ، وَكَانُوا إِذَا أَصَابُوا غَنَائِمَهُمْ قَرَّبُوهَا لِلْقُرْبَانِ، فَجَاءَتِ النَّارُ فَأَكَلَتْهَا، فَلَمَّا أَصَابُوا مَا أَصَابُوا وَضَعُوهُ، فَلَمْ تَجِيءُ النَّارُ تَأْكُلُهُ، فَقَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَا لَنَا لَا تُقْبَلُ قُرْبَاتُنَا؟ قَالَ: فِيكُمْ غُلُولٌ، قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، كَيْفَ لَنَا أَنْ نَعْلَمَ عِنْدَ مَنِ الْغُلُولُ؟ قَالَ: أَنْتُمُ اثْنَا عَشَرَ سِبْطًا، فَيُبَايِعُنِي رَأْسُ كُلِّ سِبْطٍ . قَالَ: فَبَايَعَهُ رَأْسُ كُلِّ سِبْطٍ، فَلَصِقَتْ كَفُّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَفِّ أَحَدِهِمْ، فَقَالَ: عِنْدَكُمُ الْغُلُولُ قَالَ: كَيْفَ أَنْ أَعْلَمَ عِنْدَ مَنْ هُوَ؟ قَالَ: فَبَايَعَهُمْ رَجُلًا رَجُلًا، فَفَعَلَ ذَلِكَ، فَلَصِقَتْ كَفُّهُ بِكَفِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ، فَقَالَ لَهُ، عِنْدَكَ الْغُلُولُ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: ذَلِكَ مَا هُوَ؟ قَالَ: رَأْسُ ثَوْرٍ مِنْ ذَهَبٍ، أَعْجَبَنِي فَغَلَلْتُهُ، فَجَاءَ بِهِ فَوَضَعَهُ مَعَ الْغَنَائِمِ، فَجَاءَتِ النَّارُ فَأَكَلَتْهُ فَقَالَ كَعْبٌ، وَهُوَ عِنْدَ أَبِي هُرَيْرَةَ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، هَكَذَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، هَلْ حَدَّثَكُمْ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ نَبِيٍّ كَانَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ كَعْبٌ: يُوشَعُ بْنُ نُونٍ، صَاحِبُ مُوسَى، فَأُخْبِرُكُمْ أَيُّ مَدِينَةٍ هِيَ؟ قَالَ: لَا . قَالَ: هِيَ مَدِينَةُ أَرِيحَا

ان کو مالِ غنیمت ملتا تو وہ قربان گاہ میں رکھتے' آگ آتی اور اس کو کھا جاتی' جب ان کو مالِ غنیمت ملی تو انہوں نے رکھی' آگ کھانے کے لیے نہیں آئی۔ انہوں نے کہا: اے اللہ کے نبی! ہم کو کیا ہوا کہ ہماری قربت قبول نہیں ہوتی۔ اس نبی نے کہا: تم میں سے کسی نے خیانت کی ہے۔ انہوں نے کہا: اے االلہ کے نبی! ہم کو کیسے معلوم ہو گا کہ خیانت کس نے کی ہے؟ فرمایا: تم میں بارہ بارہ افراد میرے پاس آؤ' ہر ایک بیعت کرے' ان میں سے ہر ایک نے بیعت کی' ان میں سے ایک کا ہاتھ نبی کے ہاتھ سے چمٹ گیا' فرمایا: تم میں سے کسی نے خیانت کی ہے۔ انہوں نے کہا: ہم کو کیسے معلوم ہو کہ وہ کون ہے؟ اس نبی نے کہا: ایک ایک آدمی بیعت کرے۔ انہوں نے ایسے ہی کیا' ان میں سے ایک آدمی کا ہاتھ چمٹ گیا۔ نبی نے کہا: تم نے خیانت کی ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: کی ہے؟ نبی نے کہا: کیا کی ہے؟ اس نے کہا: ایک سونے کے بیل کا سر۔ مجھے پسند آیا کہ میں نے اس کی خیانت کی' اس کو لایا گیا' اس کو مالِ غنیمت کے ساتھ رکھا۔ آگ آئی اور اس کو کھالیا۔ حضرت کعب جو حضرت ابوہریرہ کے پاس تھے' اس نے کہا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا ہے۔ اے ابوہریرہ! اللہ کی کتاب میں ایسے ہی ہے' کیا تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتایا کہ وہ نبی کون تھے؟ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا: نہیں! حضرت کعب نے فرمایا: یوشع بن نون حضرت موسیٰ کے ساتھی' کیا تم کو بتایا کہ وہ شہر کون سا تھا؟ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا: نہیں! فرمایا: وہ

اریحا شہر تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے مبارک بن فضالہ روایت کرتے ہیں۔

6601 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، أَنَّ أَبَا النَّضْرِ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ قَبِيصَةَ بْنَ ذُؤَيْبٍ، وَسُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ يُحَدِّثَانِ، عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ، قَالَتْ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى، فَمَرَّ بِنَا رَجُلٌ يُنَادِي: إِنَّهَا أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ، وَذِكْرِ اللّٰهِ، فَقُمْتُ أَنْظُرُ مَنْ هُوَ، فَإِذَا هُوَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ ابْنُ حُذَافَةَ، فَقَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنِي بِهَذَا

حضرت اُم فضل بنت حارث رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم منیٰ میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے ہمارے پاس سے ایک آدمی اعلان کرتے ہوئے گزرا کہ یہ دن کھانے اور پینے کے ہیں اور اللہ کے ذکر کے۔ میں کھڑا ہوا کہ دیکھوں وہ کون ہے؟ وہ آدمی جو اعلان کر رہا تھا وہ حضرت ابن حذافہ تھے۔ فرمایا: حضور ﷺ نے مجھے اس کا حکم دیا تھا۔

لَمْ يُجَوِّدْ هَذَا الْحَدِيثَ أَحَدٌ مِمَّنْ رَوَاهُ عَنْ أَبِي النَّضْرِ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، وَرَوَاهُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ، وَلَمْ يُدْخِلِ الثَّوْرِيُّ بَيْنَ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ: أُمَّ الْفَضْلِ، وَلَا ذَكَرَ قَبِيصَةَ بْنَ ذُؤَيْبٍ

یہ حدیث عمدہ طور پر ابونضر سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو ثوری' ابونضر سے' وہ سلیمان بن یسار سے' وہ عبداللہ بن حذیفہ سے۔ ثوری نے سلیمان بن یسار اور عبداللہ بن حذیفہ کے درمیان اُم فضل کو داخل کیا' قبیصہ بن ذویب کا ذکر نہیں کیا۔

6602 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بَحِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ بَحِيرِ بْنِ رَيْسَانَ الْحِمْيَرِيُّ الْمِصْرِيُّ، نا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ،

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نکلے' میں نے کسی کو نہیں پایا جو آپ کے پیچھے چل رہا ہو' میں گھبرایا' آپ کے پاس وضو کا پانی لے کر آیا'

6602- اسناده فيه: محمد بن عبد الرحيم' وترجمه في الميزان جلد 3 صفحه 621 وسماه محمد ابن عبد الرحمٰن بن بحير بن عبد الرحمٰن بن معاوية بن بحير' قال: اتهمه أبو أحمد بن عدى' وقال ابن يونس: ليس بثقة' وقال أبو بكر الخطيب: كذاب' (راجع اللسان جلد 5 صفحه 246) . وأخرجه أيضًا الطبراني في الصغير . وانظر مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 290 .

ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ أَجِدْ أَحَدًا يَتْبَعُهُ، فَفَزِعَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَأَتَاهُ بِمِطْهَرَةٍ، فَوَجَدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدًا فِي مَشْرُبَةٍ، فَتَنَحَّى عَنْهُ مِنْ خَلْفِهِ، حَتَّى رَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ، فَقَالَ: أَحْسَنْتَ يَا عُمَرُ حِينَ وَجَدْتَنِي سَاجِدًا، فَتَنَحَّيْتَ عَنِّي، إِنَّ جِبْرِيلَ أَتَانِي، فَقَالَ: مَنْ صَلَّى عَلَيْكَ مِنْ أُمَّتِكَ وَاحِدَةً صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ عَشْرًا، وَرَفَعَهُ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ

حضورﷺ کو سجدہ کی حالت میں پایا تو میں آپ کے پیچھے سے ہٹ گیا' یہاں تک کہ حضورﷺ نے اپنا سر اُٹھایا' فرمایا. اے عمر! تُو نے اچھا کیا' جس وقت آپ نے مجھے سجدہ کی حالت میں پایا' مجھ سے پیچھے ہٹ گئے۔ بے شک حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے تھے' عرض کی: جو آپ کی اُمت سے آپ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا' اللہ عزوجل دس رحمتیں اس پر بھیجے گا اور دس درجات بلند کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے یحییٰ بن ایوب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو بن ربیع الطارق اکیلے ہیں۔

6603 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحِيرٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِيهِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا حَرُّ جَهَنَّمَ عَلَى أُمَّتِي كَحَرِّ الْحَمَّامِ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جہنم کی گرمی میری اُمت پر ایسے ہے جس طرح حمام کی گرمی ہوتی ہے۔

6604 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ابْنُ الْإِمَامِ الدِّمْيَاطِيُّ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ،

حضرت عائشہ زوجہ نبیﷺ فرماتی ہیں کہ حضورﷺ اپنا سر میرے پاس داخل کرتے حالتِ

6603- اسناده فيه: محمد بن عمر الواقدى متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه363 .

6604- أخرجه البخارى: الاعتكاف جلد4صفحه320-321 رقم الحديث: 2029' ومسلم: الحيض جلد 1 صفحه244 .

حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ عَمْرَةَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَخْبَرَتْهُ: اَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: لَقَدْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدْخِلُ عَلَيَّ رَاْسَهُ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ، فَاُرَجِّلُهُ، وَكَانَ لَا يَدْخُلُ بَيْتَهُ اِلَّا لِحَاجَةِ الْاِنْسَانِ

اعتکاف میں‘ میں اس میں کنگھی کرتی‘ آپ اپنے گھر حالت (اعتکاف) میں انسانی حاجت کے لیے آتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے انس بن عیاض روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں علی بن المدینی اکیلے ہیں۔

6605 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْاِمَامُ ابْنُ الْاِمَامِ، نا الْفَضْلُ بْنُ غَانِمٍ، ثَنَا سَوَّارُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَتْ لَيْلَتِي، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدِي، فَاَتَتْهُ فَاطِمَةُ، فَسَبَقَهَا عَلِيٌّ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ اَنْتَ وَاَصْحَابُكَ فِي الْجَنَّةِ، اَنْتَ وَشِيعَتُكَ فِي الْجَنَّةِ، اِلَّا اَنَّهُ مِمَّنْ يَزْعُمُ اَنَّهُ يُحِبُّكَ اَقْوَامٌ يُضْفِزُونَ الْاِسْلَامَ، ثُمَّ يَلْفِظُونَهُ، يَقْرَاُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، لَهُمْ نَبَزٌ يُقَالُ لَهُمُ الرَّافِضَةُ، فَاِنْ اَدْرَكْتَهُمْ فَجَاهِدْهُمْ، فَاِنَّهُمْ مُشْرِكُونَ . فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا الْعَلَامَةُ فِيهِمْ؟ قَالَ: لَا يَشْهَدُونَ جُمُعَةً وَلَا جَمَاعَةً، وَيَطْعَنُونَ عَلَى السَّلَفِ الْاَوَّلِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میری باری کے دن حضور ﷺ میرے پاس تھے‘ آپ کے پاس حضرت فاطمہ آئیں‘ حضرت علی آپ سے پہلے جلدی آئے‘ حضور ﷺ نے فرمایا: اے علی! تو اور تیرے ساتھی جنت میں ہوں گے‘ تُو اور تیرا گروہ جنت میں ہوں گے‘ خبردار! کچھ ایسے لوگ ہوں گے جو تیری محبت کا دعویٰ کریں گے‘ اسلام بیان کریں گے‘ پھر اسلام کو چھوڑیں گے‘ قرآن پڑھیں گے‘ ان کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا‘ ان کو رافضی کہا جاتا ہوگا‘ اگر تم ان کو پاؤ تو ان سے جہاد کرنا‘ وہ مشرک ہوں گے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ان کی نشانی کیا ہوگی؟ آپ نے فرمایا: وہ جمعہ اور جماعت میں شریک نہیں ہوں گے‘ پہلے سلف پر طعن کریں گے۔

6605- اسنادہ فیہ: سوار بن مصعب متروک (الجرح جلد **4** صفحہ **271**‘ واللسان جلد **3** صفحہ **128**) . وانظر مجمع الزوائد جلد **10** صفحہ **24** .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا سَوَّارُ بْنُ مُصْعَبٍ

یہ حدیث عطیہ ابوسعید سے وہ اُم سلمہ سے اور عطیہ سے سوار بن مصعب روایت کرتے ہیں۔

6606 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ابْنُ الْإِمَامِ، نا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى اَبُو السِّكِّينِ الطَّائِيُّ، نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ دَوَالَ دَوْزَ، عَنْ شُرَحْبِيلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَاَ الْقُرْآنَ، اَوْ قَالَ: مَنْ جَمَعَ الْقُرْآنَ، كَانَتْ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ، اِنْ شَاءَ عَجَّلَهَا لَهُ فِي الدُّنْيَا، وَاِنْ شَاءَ اَخَّرَهَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو قرآن پڑھے یا فرمایا: جو قرآن جمع کرے اس کے لیے اللہ کے ہاں ایک قبول ہونے والی دعا ہے اگر چاہے تو دنیا میں اس کی جلدی کرے یا آخرت کے لیے رکھ لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا شُرَحْبِيلُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ شُرَحْبِيلٍ اِلَّا مُقَاتِلُ ابْنُ دَوَالِ دَوْزَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْمُحَارِبِيُّ، وَلَمْ يُسْنِدْ مُقَاتِلٌ غَيْرَ هَذَا الْحَدِيثِ

یہ حدیث جابر سے شرحبیل اور شرحبیل سے مقاتل بن دوال دوز روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محاربی اکیلے ہیں۔ مقاتل کے علاوہ کوئی حدیث منداً بیان نہیں کرتا ہے۔

6607 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ابْنُ الْإِمَامِ، نا حَجَّاجُ بْنُ يُوسُفَ الشَّاعِرُ، نا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ اَبُو عَتَّابٍ الدَّلَّالُ، نا سُعَادُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِي عَوْنُ بْنُ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى عَلِيٍّ فَدَعَا بِسَيْفِهِ، فَاُخْرِجَ مِنْ بَطْنِ السَّيْفِ اَدِيمًا عَرَبِيًّا، فَقَالَ: مَا تَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عون بن ابی جحیفہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے آپ سے تلوار مانگی آپ تلوار کے کپڑے سے ایک کاغذ نکالا فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمارے پاس کتاب اللہ کے علاوہ کوئی شی نہیں چھوڑی مگر میں نے آگے پہنچا دی ہے سوائے اس کے۔ میں نے اس کو پڑھا اس میں لکھا تھا:

6606- ذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد7صفحه165 وقال: رواه الطبرانى فى الأوسط وفيه مقاتل بن دوال دوز فان كان هو مقاتل بن حبان كما قيل فهو من رجال الصحيح وان كان ابن سليمان فهو ضعيف وبقية رجاله ثقات.
قلت: فيه أيضًا شرحبيل بن سعد صدوق اختلط بآخره (التقريب).

6607- ذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد3صفحه304 وقال: رواه الطبرانى فى الأوسط ورجاله موثقون وفى بعضهم كلام.

عِنْدَنَا شَيْئًا غَيْرَ كِتَابِ اللّٰهِ الَّذِي أُنْزِلَ إِلَّا وَقَدْ بَلَّغْتُهُ غَيْرَ هَذَا، فَاقْرَاهُ فَإِذَا فِيهِ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَرَمٌ، وَحَرَمِي الْمَدِينَةُ، فَمَنْ أَحْدَثَ فِيهَا حَدَثًا، أَوْ آوَى مُحْدِثًا فَلا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان رحم کرنے والا ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر نبی کا حرم ہے میرا حرم مدینہ ہے جس نے اس میں کوئی بدعت ایجاد کی یا بدعتی کو پناہ دی تو اس کے فرض ونفل قبول نہیں ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُعَادِ بْنِ سُلَيْمَانَ إِلَّا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ

یہ حدیث سعاد بن سلیمان سے سہل بن حماد روایت کرتے ہیں۔

6608 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ابْنُ الْإِمَامِ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عُمَرَ فَرَضَ لِأُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ فِي ثَلَاثَةِ آلَافٍ وَخَمْسِ مِائَةٍ، وَفَرَضَ لِابْنِهِ فِي ثَلَاثَةِ آلَافٍ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لِأَبِيهِ: لِمَ فَضَّلْتَ أُسَامَةَ عَلَيَّ، فَوَاللّٰهِ مَا سَبَقَنِي إِلَى مَشْهَدٍ؟ قَالَ: لِأَنَّ زَيْدًا كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَبِيكَ، وَكَانَ أُسَامَةُ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْكَ، فَآثَرْتُ حُبَّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى حُبِّي

حضرت زید بن اسلم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت اسامہ بن زید کے لیے ساڑھے تین ہزار وظیفہ مقرر کیا اور اپنے بیٹے کے لیے تین ہزار۔ حضرت عبداللہ نے اپنے والد سے کہا: آپ نے حضرت اسامہ کو مجھ پر فضیلت دی ہے اللہ کی قسم! مجھ سے کسی جنگ میں سبقت نہیں لے گئے؟ حضرت عمر نے فرمایا: کیونکہ زید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ کے والد سے زیادہ محبوب تھے اور اسامہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ سے زیادہ محبوب تھے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے محبوب کو اپنی محبت پر ترجیح دیتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ

یہ حدیث ابن جریج سے محمد بن بکر البرسانی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سفیان بن وکیع اکیلے ہیں۔

6609 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ابْنُ الْإِمَامِ،

حضرت حسن بن حسن بن علی بیان کرتے ہیں کہ

6608- أخرجه الترمذی: المناقب جلد5صفحه675 رقم الحديث:3813 . وقال: حسن غريب .

6609- اسناده فيه: سفيان بن وكيع ضعيف (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه275 .

ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ خَطَبَ اِلَى عَلِيٍّ اُمَّ كُلْثُومٍ، فَقَالَ: اِنَّهَا تَصْغُرُ عَنْ ذَاكَ، فَقَالَ عُمَرُ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كُلُّ سَبَبٍ وَنَسَبٍ مُنْقَطِعٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، اِلَّا سَبَبِي وَنَسَبِي، فَاَحْبَبْتُ اَنْ يَكُونَ لِي مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَبٌ وَنَسَبٌ، فَقَالَ عَلِيٌّ لِلْحَسَنِ، وَالْحُسَيْنِ: زَوِّجَا عَمَّكُمَا، فَقَالَا: هِيَ امْرَاَةٌ مِنَ النِّسَاءِ تَخْتَارُ لِنَفْسِهَا، فَقَامَ عَلِيٌّ، وَهُوَ مُغْضَبٌ، فَاَمْسَكَ الْحَسَنُ بِثَوْبِهِ، وَقَالَ: لَا صَبْرَ عَلَى هُجْرَانِكَ يَا اَبَتَاهُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اُم کلثوم رضی اللہ عنہا سے نکاح کرنے کا پیغام بھیجا۔ حضرت علی نے فرمایا: وہ آپ سے چھوٹی ہیں۔ حضرت عمر نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ہر حسب ونسب قیامت کے دن ختم ہو جائے گا سوائے میرے حسب ونسب کے میں پسند کرتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ سے میرا حسب ونسب ہو جائے۔ حضرت علی نے حضرت حسن وحسین سے فرمایا: تم دونوں اپنے چچا کی شادی کروا دو! دونوں نے فرمایا: وہ عورتوں میں سے ایک ایسی عورت ہے وہ اپنے آپ کو اختیار کرے گی۔ حضرت علی غصہ کی حالت میں کھڑے ہوئے حسن نے اپنے کپڑے سے روکا حضرت حسن نے عرض کی: اے ابوجان! آپ کی جدائی پر صبر نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا رَوْحٌ، تَفَرَّدَ بِهِ سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ

یہ حدیث ابن جریج سے روح روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سفیان بن وکیع اکیلے ہیں۔

6610 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ابْنُ الْاِمَامِ، نَا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، نَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ الْحَنَفِيِّ، عَنْ بُكَيْرٍ الْجَزَرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنَّا فِي بَيْتٍ فِيهِ نَفَرٌ مِنَ الْاَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرِينَ، فَاَقْبَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ كُلُّ رَجُلٍ يُوَسِّعُ رَجَاءَ اَنْ يَجْلِسَ اِلَى جَنْبِهِ، ثُمَّ قَالَ اِلَى الْبَابِ، فَاَخَذَ بِعِضَادَتَيْهِ، فَقَالَ: الْاَئِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ، وَلِي عَلَيْكُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایسے گھر میں تھے جس میں انصار اور مہاجرین کے گروہ تھے حضور ﷺ ہماری طرف متوجہ ہوئے ہر آدمی جگہ کشادہ کرنے لگا اس اُمید سے کہ اس کے پاس بیٹھیں گے۔ پھر دروازے کے پاس فرمایا آپ نے دروازہ کی چوکھٹ پکڑلی فرمایا: ائمہ قریش سے ہوں گے میرا تم پر بڑا حق ہے ان کا حق ہے جب تین کام کریں جب رحم طلب کیا جائے تو رحم کریں جب فیصلہ کریں تو عدل کریں جب

6610- اسناده حسن فيه: بكير بن وهب الجزرى مقبول (التقريب) .

حَقٌّ عَظِيمٌ، وَلَهُمْ ذَلِكَ مَا فَعَلُوا ثَلَاثًا: إِذَا اسْتُرْحِمُوا رَحِمُوا، وَإِذَا حَكَمُوا عَدَلُوا، وَإِذَا عَاهَدُوا وَفُوا، فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذَلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ

وعدہ کریں تو وعدہ پورا کریں' جو ان میں سے ایسے نہ کرے اس پر اللہ اور فرشتے اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ إِلَّا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث فضیل بن عباس سے احمد بن یونس روایت کرتے ہیں۔

6611 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ابْنُ الْإِمَامِ، ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ الْأَحْمَرُ، ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ، نا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى أَبُو الْفَيْضِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْشُوا السَّلَامَ، فَإِنَّهُ لِلَّهِ رِضًى

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا بیان ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سلام کو عام کرو' یہ اللہ کو راضی کرنے کا ذریعہ ہے۔

6612 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ابْنُ الْإِمَامِ، ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ الْأَحْمَرُ، ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: عَلَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَقُولُ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا، وَافْتَحْ لَنَا أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ، وَإِذَا خَرَجَ صَلَّى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: اللَّهُمَّ افْتَحْ لَنَا أَبْوَابَ فَضْلِكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حسن بن علی کو سکھایا کہ جب تو مسجد میں داخل ہو تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھ اور پڑھنا: اے اللہ! ہمارے گناہ بخش دے اور ہمارے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔ جب مسجد سے نکلے تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھ اور پڑھ: اے اللہ! ہمارے لیے اپنے فضل کا دروازہ کھول دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ إِلَّا أَبُو الْفَيْضِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ صُبَيْحٍ

یہ دونوں حدیثیں ابوالفیض ہی روایت کرتے ہیں' ان کو اسماعیل بن صبیح روایت کرتے ہیں۔

6611- اسناده فيه: سالم بن عبد الأعلى متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد8صفحه33 .

6612- اسناده والكلام فيه كسابقه . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه35 .

6613 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ابْنُ الْإِمَامِ، نـا أَبُـو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: سَمِعْتُ الْمُعْتَمِرَ بْـنَ سُلَيْمَانَ، يَقُولُ: ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ مُـحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَـنْ جَـدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ التَّـحَلُّـقِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَبْلَ خُرُوجِ الْإِمَامِ قُلْتُ لِأَبِي حَـفْصٍ: سَمِعْتَ هَذَا مِنْ يَحْيَى؟ قَالَ: أَكْثَرُ مِنْ مِائَةِ مُـرَّةٍ قَالَ أَبُو حَفْصٍ: رَأَيْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ مَهْدِيٍّ جَـاءَ إِلَـى حَـلْـقَةِ يَـحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، وَمُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ، فَـقَـعَدَ خَارِجًا مِنَ الْحَلْقَةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَبْلَ الصَّلَاةِ، فَـقَـالَ لَـهُ يَـحْيَى: ادْخُلْ فِي الْحَلْقَةِ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الـرَّحْمَنِ: أَنْتَ حَدَّثْتَنِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَـمْرِو بْـنِ شُـعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّـهِ صَـلَّـى الـلَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ التَّحَلُّقِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَبْلَ خُرُوجِ الْإِمَامِ فَقَالَ لَهُ يَحْيَى: أَنَا رَأَيْتُ حَبِيبَ بْـنَ الشَّهِيدِ، وَهِشَامَ بْنَ حَسَّانَ، وَسَعِيدَ بْنَ أَبِـي عَرُوبَةَ يَتَـحَـلَّـقُـونَ يَـوْمَ الْجُمُعَةِ قَبْلَ خُرُوجِ الْإِمَـامِ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: هَؤُلَاءِ بَلَغَهُمْ أَنَّ رَسُولَ الـلَّـهِ صَـلَّـى الـلَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ التَّحَلُّقِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، ثُمَّ تَحَلَّقُوا فَسَكَتَ يَحْيَى

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْـحَـدِيـثَ عَـنْ مُـعْتَمِرٍ، وَعَبْدِ الـرَّحْـمَـنِ بْنِ مَهْدِيٍّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْقَطَّانِ، إِلَّا أَبُو

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے امام کے نکلنے سے پہلے حلقہ بنانے سے منع کیا۔ میں نے ابوحفص سے کہا: آپ نے یہ یحییٰ سے سنا ہے؟ فرمایا: سومرتبہ سے زیادہ۔ حضرت ابوحفص فرماتے ہیں: میں نے عبدالرحمٰن بن مہدی کو دیکھا' یحییٰ بن سعید اور معاذ بن معاذ کے حلقہ کی طرف آئے' جمعہ کے دن نماز سے پہلے حلقہ سے باہر بیٹھے' ان کو یحییٰ نے کہا: حلقہ میں داخل ہوں! ان کو عبدالرحمٰن نے کہا: آپ نے مجھے محمد بن عجلان سے' وہ عمرو بن شعیب سے' وہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے منع فرمایا کہ جمعہ کے دن امام کے نکلنے سے پہلے حلقہ بنانے سے۔ ان کو یحییٰ نے کہا: میں نے حبیب بن شہید اور ہشام بن حسان اور سعید بن ابوعروبہ کو دیکھا' جمعہ کے دن امام کے نکلنے سے پہلے حلقہ بنا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ عبدالرحمٰن نے کہا: ان تمام کو حضورﷺ کی حدیث پہنچی ہے کہ آپ نے جمعہ کے دن حلقہ بنا کر بیٹھنے سے منع کیا' پھر بھی انہوں نے حلقہ بنایا' یحییٰ خاموش ہوگئے۔

یہ حدیث معتمر اور عبدالرحمٰن بن مہدی یحییٰ بن قطان سے روایت کرتے ہیں۔ معتمر سے ابوحفص روایت

6613- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 281-282 رقم الحديث: 1079' والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 139 رقم الحديث: 322 وقال: حسن . والنسائي: المساجد جلد 2 صفحه 37 (باب النهي عن البيع والشراء في المسجد) .

حَفْصٍ

6614 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ابْنُ الْإِمَامِ، ثَنَا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ حُذَيْفَةَ قَالَ: كُنْتُ أَسْأَلُ النَّاسَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ وَهُوَ إِلَى جَنْبِي بِالْكُوفَةِ، فَأَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: مَا حَدِيثٌ بَلَغَنِي عَنْكَ؟ فَقَالَ: بُعِثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ بُعِثَ، فَكُنْتُ مِنْ أَشَدِّ النَّاسِ لَهُ كَرَاهَةً، حَتَّى انْطَلَقْتُ هَارِبًا، حَتَّى لَحِقْتُ بِأَرْضِ الشَّامِ، فَبَيْنَا أَنَا كَذَلِكَ إِذْ بَلَغَنَا أَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ قَدْ وُجِّهَ إِلَيْنَا، فَانْطَلَقْتُ هَارِبًا حَتَّى لَحِقْتُ بِأَرْضِ الرُّومِ، فَبَيْنَا أَنَا كَذَلِكَ فِي ظِلِّ حَائِطٍ قَاعِدًا إِذَا أَنَا بِظَعِينَةٍ قَدْ أَقْبَلَتْ، فَقُمْتُ إِلَيْهَا، فَإِذَا هِيَ عَمَّتِي، فَقَالَتْ: يَا عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ، هَرَبْتَ وَتَرَكْتَنِي، مَا هُوَ إِلَّا أَنْ خَرَجْتَ مِنْ عِنْدِنَا، فَصَبَّحَنَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَسَبَى الذُّرِّيَّةَ، وَقَتَلَ الْمُقَاتِلَةَ، فَانْطَلَقْنَا حَتَّى أَتَيْنَا الْمَدِينَةَ . فَبَيْنَا أَنَا ذَاتُ يَوْمٍ قَاعِدَةٌ إِذْ مَرَّ بِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يُرِيدُ الصَّلَاةَ، فَقُلْتُ: يَا مُحَمَّدُ، هَلَكَ الْوَالِدُ، وَهَرَبَ الْوَافِدُ، أَعْتِقْنِي أَعْتَقَكَ اللّٰهُ قَالَ: وَمَنْ وَافِدُكِ؟ ، قُلْتُ: عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ: الْهَارِبُ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ؟ وَمَضَى، فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الثَّانِي مَرَّ

کرتے ہیں۔

حضرت کثیر بن عبداللہ مزنی اپنے والد سے وہ ان کے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن ایک سوراخ سے دومرتبہ نہیں ڈسا جاتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَثِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا اِسْحَاقُ الْحُنَيْنِيُّ

یہ حدیث کثیر بن عبداللہ سے اسحاق حنینی روایت کرتے ہیں۔

6921 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَبِيبٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ قَيْسٍ الضَّبِّيُّ، نَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ كَرْدَمٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا عَائِشَةُ، بَيْتٌ لَا تَمْرَ فِيهِ جِيَاعٌ اَهْلُهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! ایسے گھر سے نہ گزرو جس کے گھر والے بھوکے ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ كَرْدَمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ قَيْسٍ الضَّبِّيُّ

یہ حدیث زہری سے عبدالرحیم بن کردم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن قیس ضبی اکیلے ہیں۔

6922 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَبِيبٍ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

6920- اسناده فيه: أ - اسحاق بن ابراهيم الحنينى: ضعيف . ب - كثير بن عبدالله المزنى: ضعيف متهم بالكذب . وانظر: مجمع الزوائد (**9318**) .

6921- أخرجه مسلم: الأشربة جلد**3**صفحه**1618**' وأبو داؤد: الأطعمة جلد **3** صفحه **361** رقم الحديث: **3831**' والترمذى: الأطعمة جلد**4**صفحه**264** رقم الحديث:**1815** .

6922- اسناده فيه: أ- خالد بن اسماعيل المخزومى: متهم بالكذب . ب- يوسف بن محمد بن المنكدر: ضعيف .

نَا اَبُو يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِالْقَنَاعَةِ، فَاِنَّ الْقَنَاعَةَ مَالٌ لَا يَنْفَدُ

نے فرمایا: تم پر قناعت لازم ہے کیونکہ قناعت کرنے سے مال کم نہیں ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا ابْنُهُ يُوسُفُ، وَلَا عَنْ يُوسُفَ اِلَّا خَالِدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے ان کے بیٹے یوسف اور یوسف سے خالد بن اسماعیل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابویوسف الصیدلانی اکیلے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

6923 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَبِيبٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي دَاوُدَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوهَا عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے لوگوں سے لڑنے کا یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھیں' جب وہ یہ پڑھ لیں تو انہوں نے مجھ سے اپنا خون اور اموال بچا لیے حق کے ساتھ' ان کا باطنی معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث عبدالکریم سے سلیمان بن ابوداؤد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن سلیمان اکیلے ہیں۔

وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه259 .

6923- اسناده فيه: سليمان بن أبي داؤد الحراني: ضعيف جدًا . انظر: الجرح والتعديل جلد4صفحه115 . والحديث أخرجه الطبراني في الكبير جلد11صفحه200 . وانظر: مجمع الزوائدجلد1صفحه28 .

6924 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَبِيبٍ، نَا اَبُو يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ، ثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ، ثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ، عَنْ اَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا اَنَا فَلَا آكُلُ مُتَّكِئًا

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا ہوں۔

لَمْ يُدْخِلْ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ بَيْنَ مِسْعَرٍ، وَعَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ جَبَلَةَ بْنَ سُحَيْمٍ اِلَّا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ

اس حدیث میں مسعر اور علی بن اقمر کے درمیان جبلہ بن سحیم کو مخلد بن یزید نے داخل کیا ہے۔

6925 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَبِيبٍ الطَّرَائِفِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ الْمَنْبِجِيُّ، ثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَزْوَرِ، عَنْ هِشَامٍ الْقُرْدُوسِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الِاخْتِصَارُ فِي الصَّلَاةِ اسْتِرَاحَةُ اَهْلِ النَّارِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کولہوں پر ہاتھ رکھنا نماز کے دوران جہنم والوں کی راحت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَزْوَرِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِيسَى بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے عبداللہ بن ازور روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن یونس اکیلے ہیں۔

6926 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَبِيبٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ، ثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عُرَيْفِ بْنِ دِرْهَمٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے بعد اس اُمت میں افضل حضرت ابوبکر ہیں' ان کے بعد حضرت عمر ہیں۔

6924- أخرجه البخاری: الأطعمة جلد 9 صفحه 451 رقم الحديث: 5398' وأبو داؤد: الأطعمة جلد 3 صفحه 347 رقم الحديث: 3769' والترمذی: الأطعمة جلد 4 صفحه 273 رقم الحديث: 1830 ولفظه عند الترمذی .

6925- اسناده فيه: عبد الله بن الأزور . ضعيف جدًا' قاله الأزدی: انظر: لسان الميزان جلد 5 صفحه 182 والحديث أخرجه البيهقی فی الكبرىٰ (28712) وانظر: مجمع الزوائد (8812) .

6926- أصله عند البخاری من طريق محمد ابن الحنفية . أخرجة البخاری: فضائل الصحابة جلد 7 صفحه 24 رقم الحديث: 3671' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 138 رقم الحديث: 883 ولفظه عند أحمد .

عَلِيٍّ قَالَ: خَيْرُ هَذِهِ الْأُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا أَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُرَيْفِ بْنِ دِرْهَمٍ إِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث عریف بن واہم سے عیسیٰ بن یونس روایت کرتے ہیں۔

6927 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَبِيبٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ جَمِيلٍ الرَّقِّيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ وشاهِدَيْنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نکاح ایک ولی اور دو گواہوں کے ساتھ ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا حُسَيْنُ بْنُ عَيَّاشٍ تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ جَمِيلٍ

یہ حدیث جعفر بن برقان سے ہشام بن عروہ اور جعفر سے حسین بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن جمیل اکیلے ہیں۔

6928 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ فُرَاتِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَى الْجَدَّةَ السُّدُسَ

حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دادی کو چھٹا حصہ دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُرَاتِ بْنِ سُلَيْمَانَ إِلَّا مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث فرات بن سلیمان سے معمر بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

6929 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَبِيبٍ،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

6927- اسناده فيه: على بن جميل الرقى: متهم بالوضع . انظر: لسان الميزان جلد4صفحه209 .

6928- أخرجه أبو داؤد: الفرائض جلد 3صفحه121 رقم الحديث: 2894' والترمذى: الفرائض جلد 4صفحه419 رقم الحديث: 2100-2101' وابن ماجة: الفرائض جلد 2صفحه909 رقم الحديث: 2724' ومالك فى الموطأ: الفرائض جلد2صفحه513 رقم الحديث:4 .

6929- أصله عند البخارى ومسلم . أخرجه البخارى: الوضوء جلد 1صفحه338 رقم الحديث: 176' ومسلم:

ثَنَا اَبُو يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ السَّكَنِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اِدْرِيسَ الْكُوفِيِّ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا وُضُوءَ اِلَّا مِنْ صَوْتٍ اَوْ رِيحٍ

حضور ﷺ نے فرمایا: وضوء آواز یا ہوا کے خارج ہونے سے لازم ہوتا ہے۔

لَمْ يُدْخِلْ اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ بَيْنَ شُعْبَةَ، وَسُهَيْلٍ اِدْرِيسَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ السَّكَنِ

اس حدیث میں شعبہ اور سہیل کے درمیان ادریس کو یحییٰ بن السکین نے داخل کیا ہے۔

6930 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُهَيْلِ بْنِ الْمُهَاجِرِ الرَّقِّيُّ، ثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ شہید ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث سفیان سے مؤمل بن اسماعیل روایت کرتے ہیں۔

6931 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُهَيْلِ بْنِ حَمَّادِ بْنِ الْمُهَاجِرِ الرَّقِّيُّ، نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَخِيهِ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کثرت سے اللہ کا ذکر کرتا ہے وہ منافقت سے بری ہو جاتا ہے۔

الحيض جلد 1 صفحه 176، والترمذى: الطهارة جلد 1 صفحه 109 رقم الحديث: 74، وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 172 رقم الحديث: 515، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 620 رقم الحديث: 10105 ولفظه عند الترمذى وابن ماجة وأحمد .

6930- أخرجه النسائي: التحريم جلد 7 صفحه 105 (باب من قتل دون ماله) .

6931- اسناده فيه: مؤمل بن اسماعيل صدوق سيئ الحفظ، والحديث أخرجه الطبرانى فى الصغير جلد 2 صفحه 76 . قال الحافظ الهيثمى: شيخه محمد بن سهل بن المهاجر عن مؤمل بن اسماعيل، وفى الميزان يروى الموضوعات فان كان هو ابن مهاجر فهو ضعيف وان كان غيره فالحديث حسن . انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 82 .

اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَكْثَرَ ذِكْرَ اللّٰهِ فَقَدْ بَرِءَ مِنَ النِّفَاقِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ اِلَّا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث حماد بن سلمہ سے مؤمل بن اسماعیل روایت کرتے ہیں۔

6932 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْبُسْتَنْبَانِ، بِسُرَّ مَنْ رَاٰى: نَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ الْبَجَلِيُّ، ثَنَا سَعْدَانُ بْنُ الْوَلِيدِ، بَيَّاعُ السَّابِرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ جَعْفَرَ بْنَ اَبِي طَالِبٍ مَرَّ مَعَ جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ، لَهُ جَنَاحَانِ، عَوَّضَهُ اللّٰهُ مِنْ يَدَيْهِ، فَسَلَّمَ، ثُمَّ اَخْبَرَنِي كَيْفَ كَانَ اَمْرُهُ حَيْثُ لَقِيَ الْمُشْرِكِينَ، فَلِذٰلِكَ سُمِّيَ الطَّيَّارَ فِي الْجَنَّةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جعفر بن ابوطالب جبریل و میکائیل علیہما السلام کے پاس سے گزرے، حضرت جعفر کے دو پر تھے، اللہ عزوجل نے ان کے ہاتھوں کے عوض عطا فرمائے تھے، آپ نے سلام کیا، مجھے بتایا کیا معلوم ہوا تھا جس وقت مشرکوں سے لڑے تھے، اس وجہ سے جنت میں آپ کا نام طیار ہے۔

6933 - وَبِهِ: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ وَلِيَ عَشَرَةً فَحَكَمَ بَيْنَهُمْ بِمَا اَحَبُّوا اَوْ كَرِهُوا، جِيءَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَشْدُودَةٌ يَدُهُ اِلَى عُنُقِهِ، فَاِنْ كَانَ حَكَمَ بِغَيْرِ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ زِيدَ غِلًّا اِلَى غِلِّهِ، وَاِنْ كَانَ حَكَمَ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ، وَلَمْ يَحِفْ فِي حُكْمٍ، وَلَمْ يَرْتَشِ فِيهِ اُطْلِقَتْ يَمِينُهُ فَقَالَ بَعْضُ جُلَسَاءِ عَطَاءٍ: يَا اَبَا مُحَمَّدٍ، وَمَا بُدٌّ مِنْ غَلٍّ؟ قَالَ: اِي وَرَبِّ هٰذِهِ الْبَنِيَّةِ، وَاَشَارَ اِلَى الْكَعْبَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو دس آدمی کا ولی بنا، ان کے درمیان فیصلہ کیا، جو پسند ہو یا ناپسند، اس کو قیامت کے دن لایا جائے گا کہ اس کے ہاتھ اس کی گردن کے ساتھ بندھے ہوئے ہوں گے، اگر اللہ کے نازل کردہ حکم کے علاوہ کیا ہوا تو اور زیادہ زنجیریں اس کو پہنائی جائیں گی، اگر فیصلہ اس کے مطابق ہوا جو اللہ نے نازل کیا اور اس کے حوالہ سے کسی سے ڈرا نہیں اور رشوت نہیں لی تو اس کو دائیں جانب سے چھوڑا جائے گا۔ حضرت عطاء کے پاس بعض بیٹھنے والوں نے عرض کی: اے ابومحمد! غسل کے لیے

6932- قال الحافظ الهيثمي: فيه سعدان بن الوليد ولم أعرفه، وبقية رجاله ثقات . انظر: مجمع الزوائد جلد9 صفحه275 .

6933- قال الحافظ الهيثمي: فيه سعدان بن الوليد: ولم أعرفه . انظر: مجمع الزوائد جلد5 صفحه209 .

کیا ضروری ہے؟ حضرت عطاء نے کہا: اس گھر بنانے والے کی قسم! اشارہ کعبہ کی طرف کیا۔

6934 - وَبِهِ: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ فَتْحِ مَكَّةَ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أُمِّ هَانِءٍ بِنْتِ أَبِي طَالِبٍ، وَكَانَ جَائِعًا، فَقَالَتْ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ لِي أَصْهَارًا قَدْ لَجَئُوا إِلَيَّ، وَإِنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ لَا تَأْخُذُهُ فِي اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ، وَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يَعْلَمَ بِهِمْ فَيَقْتُلَهُمْ، فَاجْعَلْ مَنْ دَخَلَ دَارِي آمِنًا حَتَّى يَسْمَعُوا كَلَامَ اللّٰهِ قَالَ: فَأَمَّنَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ: هَلْ عِنْدَكِ مِنْ طَعَامٍ آكُلُهُ؟، فَقَالَتْ: إِنَّ عِنْدِي لَكِسَرًا بَائِتَةً، وَإِنِّي لَأَسْتَحِي أَنْ أُقَرِّبَهَا إِلَيْكَ . قَالَ: هَلُمِّيهَا ، فَقَرَّبَتْهُنَّ وَجَاءَتْهُ بِمِلْحٍ، فَقَالَ: يَا أُمَّ هَانِءٍ، هَلْ مِنْ إِدَامٍ؟ ، قَالَتْ: مَا عِنْدِي إِلَّا شَيْءٌ مِنْ خَلٍّ . قَالَ: هَلُمِّيهِ ، فَلَمَّا جَاءَتْ بِهِ مَسَّهُ عَلَى طَعَامِهِ، ثُمَّ أَكَلَ مِنْهُ، ثُمَّ حَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ قَالَ: نِعْمَ الْإِدَامُ الْخَلُّ، يَا أُمَّ هَانِءٍ لَا يَفْقُرُ بَيْتٌ فِيهِ خَلٌّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب فتح مکہ کا دن تھا' رسول اللہ ﷺ حضرت اُم ھانی بنت ابوطالب رضی اللہ عنہا کے گھر آئے' آپ کو بھوک لگی تھی' حضرت اُم ہانی نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے سسرالی میرے پاس آئے ہیں اور علی بن ابوطالب اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتے ہیں۔ میں خوف کرتی ہوں کہ حضرت علی کو ان کے متعلق معلوم نہ ہو وہ ان کو قتل کر دیں' آپ فرمائیں کہ جو میرے گھر میں داخل ہوا اس کو امان ہے' یہاں تک کہ اللہ کے کلام کو سنیں۔ حضور ﷺ نے ان کو امان دے دیا' پھر فرمایا: کیا تمہارے پاس کھانے کے لیے کوئی چیز ہے؟ عرض کی: میرے پاس باسی ایک ٹکڑا ہے' میں حیاء کرتی ہوں آپ کے پاس لانے کو۔ آپ نے فرمایا: اس کو لاؤ! آپ کے پاس لایا گیا اور ساتھ نمک لایا گیا' آپ نے فرمایا: اے اُم ہانی! کیا سالن ہے؟ عرض کی: میرے پاس سرکہ کے علاوہ کوئی شی نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا: اس کو لاؤ! آپ کے پاس لایا گیا تو آپ نے روٹی اس کے ساتھ لگائی' پھر کھایا' پھر اللہ کی حمد کی' فرمایا: بہترین سالن سرکہ ہے' اے اُم ہانی! وہ گھر محتاج نہیں ہے جس گھر میں سرکہ ہو۔

6934- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 4 صفحه 54 . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 6 صفحه 179 وقال: رواه الطبراني في الصغير وفيه سعدان بن الوليد ولم أعرفه .

6935 - وَبِهِ: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا مَاتَتْ فَاطِمَةُ أُمُّ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ خَلَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيصَهُ، وَاَلْبَسَهَا اِيَّاهُ، وَاضْطَجَعَ مَعَهَا فِي قَبْرِهَا، فَلَمَّا سَوَّى عَلَيْهَا التُّرَابَ، قَالَ بَعْضُهُمْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ رَاَيْنَاكَ صَنَعْتَ شَيْئًا لَمْ تَصْنَعْهُ بِاَحَدٍ، فَقَالَ: اِنِّي اَلْبَسْتُهَا قَمِيصِي لِتَلْبَسَ مِنْ ثِيَابِ الْجَنَّةِ، وَاضْطَجَعْتُ مَعَهَا فِي قَبْرِهَا لِيُخَفَّفَ عَنْهَا مِنْ ضَغْطَةِ الْقَبْرِ، اِنَّهَا كَانَتْ اَحْسَنَ خَلْقِ اللّٰهِ اِلَيَّ صَنِيعًا بَعْدَ اَبِي طَالِبٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت علی بن ابوطالب کی والدہ کا وصال ہوا تو حضور ﷺ نے اپنی قمیص اُتار کر ان کو پہنائی ان کی قبر میں لیٹے جب مٹی ڈال دی گئی بعض حضرات نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے آپ کو ایسے کرتے دیکھا ایسے کرتے ہوئے کسی کے ساتھ نہیں دیکھا۔ آپ نے فرمایا: میں نے اپنی قمیص پہنائی تا کہ جنتی لباس پہنایا جائے میں ان کے ساتھ لیٹا اس لیے کہ قبر کی سختی کی آسانی ہو جائے یہ حضرت ابوطالب کے بعد مجھ سے زیادہ اچھا سلوک کرتی تھیں۔

6936 - وَبِهِ: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ وَاَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ قَرِيبَةٌ مِنْهُ اِذْ رَدَّ السَّلَامَ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَسْمَاءُ، هَذَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ مَعَ جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِمَا، مَرُّوا فَسَلَّمُوا عَلَيْنَا، فَرَدَدْتُ عَلَيْهِمُ السَّلَامَ، وَقَدْ اَخْبَرَنِي اَنَّهُ لَقِيَ الْمُشْرِكِينَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا، فَاُصِبْتُ فِي جَسَدِي مِنْ مَقَادِيمِي ثَلَاثًا وَسَبْعِينَ بَيْنَ طَعْنَةٍ وَضَرْبَةٍ، ثُمَّ اَخَذْتُ اللِّوَاءَ بِيَدِي الْيُمْنَى فَقُطِعَتْ، ثُمَّ اَخَذْتُهُ بِالْيَدِ الْيُسْرَى فَقُطِعَتْ، فَعَوَّضَنِي اللّٰهُ مِنْ يَدَيَّ جَنَاحَيْنِ اَطِيرُ بِهِمَا مَعَ جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ فِي الْجَنَّةِ، اَنْزِلُ مِنْهَا حَيْثُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اس اثناء میں کہ حضور ﷺ بیٹھے ہوئے تھے کہ حضرت اسماء بنت عمیس آپ کے قریب ہی تھیں اچانک آپ نے سلام کا جواب دیا پھر فرمایا: اے اسماء! یہ حضرت جعفر بن ابوطالب حضرت جبریل و میکائیل علیہما السلام کے ساتھ تھے۔ یہ حضرات گزرے ہیں انہوں نے ہم کو سلام کیا میں نے ان کے سلام کا جواب دیا مجھے بتایا گیا کہ وہ مشرکین سے لڑے فلاں فلاں دن مجھے جسم میں تینتیس زخم لگے ہیں پھر میں نے جھنڈا اپنے دائیں ہاتھ سے پکڑا اس کو کاٹ دیا گیا پھر میں نے بائیں ہاتھ سے پکڑا تو اس کو بھی کاٹ دیا گیا مجھے اللہ عزوجل نے دو پَر دیئے ہیں ان دونوں کے ساتھ جنت میں حضرت جبریل و

6935- قال الحافظ الهيثمي: فيه سعدان بن الوليد ولم أعرفه، وبقية رجاله ثقات . انظر: مجمع الزوائد جلد9 صفحه260 .

6936- اسناده حسن . انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه275-276 .

شِئْتُ، وَآكُلُ مِنْ ثِمَارِهَا مَا شِئْتُ فَقَالَتْ اَسْمَاءُ: هَنِيئًا لِجَعْفَرَ مَا رَزَقَهُ اللّٰهُ مِنَ الْخَيْرِ، وَلٰكِنِّي اَخَافُ اَلَّا يُصَدِّقَنِي النَّاسُ، فاصْعَدِ الْمِنبَرَ، فَأَخْبِرْ بِهِ النَّاسَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَصَعِدَ الْمِنبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّ جَعْفَرَ بْنَ اَبِي طَالِبٍ مَرَّ مَعَ جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ، لَهُ جَنَاحَانِ، عَوَّضَهُ اللّٰهُ مِنْ يَدَيْهِ، يَطِيرُ بِهِمَا فِي الْجَنَّةِ حَيْثُ شَاءَ، فَسَلَّمَ عَلَيَّ، وَاَخْبَرَهُمْ كَيْفَ كَانَ اَمْرُهُ حَيْثُ لَقِيَ الْمُشْرِكِينَ، فَاسْتَبَانَ لِلنَّاسِ بَعْدَ ذٰلِكَ الْيَوْمَ اَنَّ جَعْفَرًا لَقِيَهُمْ، فَسُمِّيَ جَعْفَرًا الطَّيَّارَ فِي الْجَنَّةِ

میکائیل علیہما السلام کے ساتھ اُڑتا ہوں' جہاں چاہوں اُترتا ہوں' جس پھل کو چاہتا ہوں کھاتا ہوں۔ حضرت اسماء نے کہا: حضرت جعفر کو اللہ کی جانب سے رزق ملنے پر خوشی ہوئی ہے لیکن مجھے خوف ہے کہ لوگ میری تصدیق نہیں کریں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر جلوہ افروز ہوں اور لوگوں کو بتائیں۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر جلوہ افروز ہوئے' اللہ کی حمد وثناء کی' پھر فرمایا: اے لوگو! جعفر بن ابوطالب حضرت جبریل و میکائیل علیہما السلام کے ساتھ گزرے ہیں' ان کے دو پَر تھے' جو اُنہیں اللہ عزوجل نے عطا کیے ہیں' ان دونوں کے ذریعے جنت میں جہاں چاہیں اُڑتے ہیں' مجھے سلام کیا' انہوں نے بتایا کہ کیسے مشرکوں سے لڑے ہیں' لوگوں نے اس کے بعد آج کا دن واضح کیا۔ حضرت جعفر کا نام جنت میں طیار رکھا گیا۔

6937 - وَبِهِ: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، وَجِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى الصَّفَا، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جِبْرِيلُ، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا اَمْسَى لِآلِ مُحَمَّدٍ سَفَّةٌ مِنْ دَقِيقٍ، وَلَا كَفٌّ مِنْ سَوِيقٍ، فَلَمْ يَكُنْ كَلَامُهُ بِاَسْرَعَ مِنْ اَنْ سَمِعَ هَدَّةً مِنَ السَّمَاءِ اَفْزَعَتْهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَرَ اللّٰهُ الْقِيَامَةَ اَنْ تَقُومَ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ اَمَرَ اللّٰهُ اِسْرَافِيلَ، فَنَزَلَ اِلَيْكَ حِينَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت جبریل علیہ السلام صفا پہاڑ پر تھے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے جبریل! جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! آلِ محمد نے شام اس حالت میں نہیں کی ہے کہ ان کے پاس ایک مٹھی جو ہوں۔ آپ کی گفتگو فوراً آسمان تک پہنچی' آپ پریشان ہوئے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے قیامت قائم کرنے کا حکم دیا ہے۔ حضرت جبریل نے عرض کی: نہیں! لیکن اللہ عزوجل نے اسرافیل کو حکم دیا ہے' ان کو آپ کی طرف بھیجا ہے'

6937- قال الحافظ الهيثمي: فيه سعدان بن الوليد ولم أعرفه' وبقية رجاله رجال الصحيح . انظر: مجمع الزوائد جلد**10**صفحہ**318** .

سَمِعَ كَلَامَكَ، فَأَتَاهُ إِسْرَافِيلُ، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ سَمِعَ مَا ذَكَرْتَ، فَبَعَثَنِي إِلَيْكَ بِمَفَاتِيحِ خَزَائِنِ الْأَرْضِ، وَأَمَرَنِي أَنْ يُعْرَضْنَ عَلَيْكَ إِنْ أَحْبَبْتَ أَنْ أُسَيِّرَ مَعَكَ جِبَالَ تِهَامَةَ زُمُرُّدًا، وَيَاقُوتًا، وَذَهَبًا، وَفِضَّةً فَعَلْتُ، فَإِنْ شِئْتَ نَبِيًّا مَلِكًا، وَإِنْ شِئْتَ نَبِيًّا عَبْدًا؟، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ جِبْرِيلُ أَنْ تَوَاضَعْ، فَقَالَ: بَلْ نَبِيًّا عَبْدًا، ثَلَاثًا

جس وقت آپ کا کلام سنا ہے' آپ کے پاس حضرت اسرافیل آئے' عرض کی: اللہ عزوجل نے سن لیا جو آپ نے ذکر کیا ہے۔ مجھے آپ کے پاس زمین کے خزانے دے کر بھیجا گیا ہے' مجھے حکم دیا ہے کہ آپ کو پیش کروں' جو آپ پسند کریں تو آپ کے ساتھ زمرد و یاقوت' سونے اور چاندی کے بنا کر چلا دوں' میں کروں اگر آپ چاہیں تو بادشاہ نبی بنیں' اگر آپ چاہیں تو نبی عبد بنیں۔ حضرت جبریل نے عرض کی: آپ عاجزی کرنے کا اشارہ کریں' آپ نے فرمایا: بلکہ نبی عبد بنوں گا' تین مرتبہ۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا سَعْدَانُ بْنُ الْوَلِيدِ، تَفَرَّدَ بِهَا: الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ

یہ حدیث عطاء سے سعدان بن الولید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسن بن بشرا کیلے ہیں۔

6938 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى الْأَزْدِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ أَبُو عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَمْرٍو، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ نَاسًا مِنْ أُمَّتِي يَأْتُونَ مِنْ بَعْدِي، يَوَدُّ أَحَدُهُمْ أَنْ يَشْتَرِيَ رُؤْيَتِي بِأَهْلِهِ وَمَالِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت سے میرے بعد کچھ لوگ ایسے ہوں گے کہ ان میں ہر ایک پسند کرے گا کہ اپنے خاندان اور مال کو فروخت کر کے مجھے دیکھ لیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَمْرٍو إِلَّا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ

یہ حدیث عمرو' ابوعمرو سے ابن ابوالزناد روایت کرتے ہیں۔

6938- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد4صفحه85 وقال: صحيح الاسناد ولم يخرجاه . ووافقه الذهبي . وانظر: الدر المنثور جلد1صفحه27 .

6939 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْجَرَّاحِ الْاَذَنِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَزْدِيُّ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُفِّنَ فِي ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ

یہ حدیث شعبہ سے محمد بن قاسم روایت کرتے ہیں۔

6940 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَرَجِ الرِّيَاشِيُّ، ثَنَا زُفَرُ بْنُ هُبَيْرَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْرِمُ اَحَدًا مَا يُكْرِمُ الْعَبَّاسَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت عباس سے زیادہ کسی کا احترام کرتے ہوئے نہ دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے ابن ابوالزناد روایت کرتے ہیں۔

6941 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، نَا خَلَفُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ اَبِي، وَعَمِّي، عَنْ جَدِّي، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: السَّكِينَةُ رِيحٌ خَجُوجٌ

حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سکون واطمینان کا باعث تیز ہوا ہے۔

6939- اسناده فيه: محمد بن القاسم الأسدى أبو ابراهيم الكوفى: كذبوه . وانظر: مجمع الزوائد (**2713**) .

6941- اسناده فيه: خلف بن عبد العزيز بن عثمان بن جبلة: ترجمه ابن أبى حاتم جلد **3** صفحه **371** وقال: روى عنه أحمد بن سهل الأسفرائنى' وسكت عنه' ولم أجد من جرحه' وفيه عبد العزيز بن عثمان بن جبلة أبو الفضل المروزى . وهو أخو عبدان: مقبول . (التقريب) . وذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد **6** صفحه **324** وقال: رواه الطبرانى فى الأوسط وفيه من لم أعرفهم . وانظر: الدر المنثور جلد **1** صفحه **317** .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا عُثْمَانُ بْنُ جَبَلَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَلَدُهُ عَنْهُ

یہ حدیث شعبہ سے عثمان بن جبلہ روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ان کی اولاد اکیلی ہے۔

6942 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا خَلَفُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ أَبِي وَعَمِّي، عَنْ جَدِّي، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا وُضِعَ الْعَشَاءُ، وَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَابْدَءُوا بِالْعَشَاءِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب رات کا کھانا رکھا جائے اور نماز کے لیے اقامت پڑھی جائے تو پہلے رات کا کھانا کھالو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا عُثْمَانُ بْنُ جَبَلَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَلَدُهُ، عَنْهُ

یہ حدیث شعبہ سے عثمان بن جبلہ روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ان کی اولاد اکیلی ہے۔

6943 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا أَبِي، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ الْخَبَرُ كَالْمُعَايَنَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خبر دیکھنے کی طرح نہیں ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں محمد بن مرزوق اکیلے ہیں۔

6944 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم حضور

6942- أخرجه البخاري: الأطعمة جلد9صفحه497 رقم الحديث:5463' ومسلم: المساجد جلد1صفحه392 .

6943- اسناده حسن' فيه: خلف بن عبد العزيز بن عثمان بن جبلة بن أبي رواد: لا بأس به . انظر: الجرح والتعديل جلد 3 صفحه 371 وقال الحافظ الهيثمي: فيه من لم أعرفهم . انظر: مجمع الزوائدجلد 6صفحه324 قلت: رجال الاسناد كلهم معروفون كالآتي: أ- خلف بن عبد العزيز بن عثمان بن جبلة: سكت عنه ابن أبي حاتم: الجرح (37113) . ب- عبد العزيز بن عثمان بن جبلة أبو الفضل المروزي: مقبول . ج - عم خلف هو: عبد الله بن عثمان لقبه عبدان: ثقة . د- خالد بن عرعرة: كوفي ذكره ابن حبان في الثقات' وسكت عند البخاري وابن أبي حاتم . انظر: الثقات (20514)' التاريخ الكبير جلد3صفحه149' الجرح والتعديل جلد3صفحه343 .

6944- أخرجه البخاري جلد3صفحه492 رقم الحديث: 1561' ومسلم: الحج جلد2صفحه873 .

ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا عَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ، اَخْبَرَنِي اَبِي، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، وَيَحْيَى، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ لَا نَرَى اِلَّا اَنَّهُ الْحَجُّ

ﷺ کے ساتھ نکلے اور ہم نہیں دیکھتے مگر یہ کہ وہ حج کا موقعہ تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدَانُ، وَمُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ، وَيَحْيَى هُوَ ابْنُ سَعِيدٍ

یہ حدیث شعبہ سے عبداللہ بن عثمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدان اکیلے ہیں۔ محمد سے مراد ابن عبدالرحمٰن بن سعد بن زرار ہیں' یحیٰی سے مراد ابن سعید ہیں۔

6945 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْعَبْدِيُّ، نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَآهُ وَهَوَامُّ رَاْسِهِ تَنَاثَرُ عَلَى وَجْهِهِ، فَقَالَ: اَيُؤْذِيكَ هَوَامُّكَ؟ قَالَ: نَعَمْ ۔ قَالَ: فَاحْلِقْ رَاْسَكَ، وَانْسُكْ بِشَاةٍ، اَوْ صُمْ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، اَوْ اَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِينَ

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے دیکھا کہ میری والدہ کے سر سے جوئیں ان کے چہرے پر گر رہی تھیں' آپ نے فرمایا: کیا تمہاری والدہ کو ان کی وجہ سے تکلیف ہوتی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اپنے سر کے بال کاٹ لو اور بکری کی قربانی کرو یا تین دن کے روزے رکھو یا چھ مساکین کو کھانا کھلاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَهْبٌ

یہ حدیث قیس بن سعد سے جریر بن حازم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں وہب اکیلے ہیں۔

6946 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْعَبْدِيُّ، ثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے انصار کے متعلق فرمایا: ان سے

6945- أخرجه البخاري: المحصر جلد4صفحه16 رقم الحديث:1814' ومسلم: الحج جلد2صفحه859 .

6946- أخرجه البخاري: مناقب الأنصار جلد7صفحه141 رقم الحديث:3783' ومسلم: الايمان جلد1 صفحه85 .

عَدِيٍّ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْاَنْصَارِ: لَا يُحِبُّهُمْ اِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلَا يُبْغِضُهُمْ اِلَّا مُنَافِقٌ، مَنْ اَحَبَّهُمْ اَحَبَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ اَبْغَضَهُ اللّٰهُ

محبت مؤمن' ان سے بغض منافق کرے گا' جو ان سے محبت کرے اللہ اس کو محبوب رکھے گا' جو ان سے بغض رکھے گا اللہ اس سے ناراض ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا الْهَيْثَمُ بْنُ عَدِيٍّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ

یہ حدیث مسعر سے ہشیم بن عدی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبدالکریم اکیلے ہیں۔

6947 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُهْزَاذَ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، ثَنَا اَبُو حَمْزَةَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اَبِي اُمَيَّةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، اَنَّهُ دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاكِعٌ، فَرَكَعَ قَبْلَ اَنْ يَبْلُغَ الصَّفَّ، فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا اَبَا بَكْرَةَ، زَادَكَ اللّٰهُ حِرْصًا وَلَا تَعُدْ

حضرت حسن سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے' اس حالت میں کہ رسول اللہ ﷺ حالتِ رکوع میں تھے' آپ نے رکوع کر لیا صف میں پہنچنے سے پہلے' جب رسول اللہ ﷺ نے سلام پھیرا تو آپ نے فرمایا: اے ابوبکر! آپ کی حرص میں اللہ اضافہ کرے! آئندہ دوبارہ نہ کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اِلَّا اَبُو حَمْزَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ

یہ حدیث عابدالکریم سے ابوحمزہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن حسن اکیلے ہیں۔

6948 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُهْزَاذَ، نَا عَلِيُّ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ عرب میں ایک آدمی فوت ہو گیا' اس کا

6947- أخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 312 رقم الحديث: 783' وأبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 179 رقم الحديث: 683' والنسائي: الامامة جلد 2 صفحه 91 (باب الركوع دون الصف)' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 56 رقم الحديث: 20482 .

6948- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 335 رقم الحديث: 11925 . والحديث عند أبي داؤد والترمذي وابن ماجة بغير هذا السياق .

حَسَنِ، ثَنَا اَبُو حَمْزَةَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: مَاتَ رَجُلٌ مِنَ الْاَعْرَابِ، وَلَمْ تَكُنْ لَهُ عَصَبَةٌ، وَكَانَ لَهُ مَوْلًى هُوَ اَعْتَقَهُ، فَرُفِعَ ذٰلِكَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَلَمْ يَكُنْ يَغْضَبُ لِغَضَبِهِ، وَيَرْضَى لِرِضَاهُ؟ قَالُوا: بَلَى، فَاَوْرَثَهُ مَالَ مَوْلَاهُ

عصبہ کوئی نہیں تھا' اس کا ایک آزاد کردہ غلام تھا' یہ بات حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: کیا یہ اس کے غصے سے غصہ نہیں ہوتا تھا' اس کی رضا سے راضی نہیں ہوتا تھا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے اس کو اپنے آقا کے مال کا وارث بنایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اِلَّا اَبُو حَمْزَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ

یہ حدیث عبدالکریم سے ابوحمزہ روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں علی بن حسن اکیلے ہیں۔

6949 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْعَبْدِيُّ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، ثَنَا اَبِي، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَرْقَمِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا كَانَ بِاَحَدِكُمُ الْغَائِطُ، وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيَبْدَاْ بِالْغَائِطِ

حضرت عبداللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم میں سے کسی کو قضاء حاجت کی ضرورت ہو اور نماز کا وقت بھی ہو جائے تو پہلے قضاء حاجت کر لیا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، وَلَا عَنْ جَرِيرٍ اِلَّا ابْنُهُ وَهْبٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ

یہ حدیث قیس بن سعد سے جریر بن حازم روایت کرتے ہیں اور جریر سے ان کے بیٹے وہیب روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبدالکریم اکیلے ہیں۔

6950 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ،

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے

6949- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 22 رقم الحديث: 88' والترمذي: الطهارة جلد 1 صفحه 262 رقم الحديث: 142 . بلفظ: اذا أقيمت الصلاة ووجد أحدكم الخلاء فليبدأ بالخلاء . وقال الترمذي: حسن صحيح . والنسائي: الامامة جلد 2 صفحه 85 (باب العذر في ترك الجماعة) . وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 202 رقم الحديث: 616' ومالك في الموطأ: السفر جلد 1 صفحه 159 رقم الحديث: 49 .

6950- اسناده فيه: أبو محمد الشامي: كذاب قاله الأزدي . انظر: الميزان جلد 4 صفحه 570 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 142 .

ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُهْزَاذَ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، ثَنَا خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا عَلَى اَحَدِكُمْ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَتَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ اَنْ يَجْعَلَهَا عَنْ اَبَوَيْهِ، فَلَا يُنْقِصُ مِنْ اُجُورِهِمْ شَيْئًا

دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو تم میں سے کوئی صدقہ کرنے کا ارادہ کرے تو وہ اپنے والدین کی طرف سے کرے' اس کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، وَلَا عَنْ خَارِجَةَ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُهْزَاذَ

یہ حدیث عثمان بن سعد نے خارجہ بن مصعب اور خارجہ سے علی بن حسن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبداللہ بن قہزاد اکیلے ہیں۔

6951 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُهْزَاذَ، ثَنَا اَبُو الْوَزِيرِ مُحَمَّدُ بْنُ اَعْيَنَ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا صَلَّى الْفَجْرَ فِي السَّفَرِ مَشَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب سفر میں نماز پڑھتے تو دو رکعتیں پڑھتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، وَلَا عَنْ سُلَيْمَانَ اِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ، وَلَا عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَعْيَنَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُهْزَاذَ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے سلیمان بن بلال اور سلیمان سے ابن مبارک اور ابن مبارک سے محمد بن اعین روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبداللہ بن قہزاد اکیلے ہیں۔

6952 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا خَلَفُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ جَبَلَةَ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ، ثَنَا اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تمہارے پاس حروری آئے گا جھٹلانے کے لیے' ہم نے اس کا ذکر حضور ﷺ کو کرتے ہوئے سنا ہے' یعنی دجال کا۔

6951- اسناده صحيح: أخرجه البيهقي في الكبرىٰ جلد5صفحه255 . وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه218 .

عَنْهُ قَالَ: اَمَا اَتَى حَرُورِيُّكُمْ يُكَذِّبُ بِهِ، لَطَالَمَا سَمِعْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُهُ يَعْنِي الدَّجَّالَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي نَضْرَةَ اِلَّا عُثْمَانُ بْنُ جَبَلَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَلَدُهُ، عَنْهُ

یہ حدیث عبدالملک بن ابونضرہ سے عثمان بن جبلہ روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ان کی اولاد اکیلی ہے۔

6953 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَيَّارٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ الْكَاشْغَرِيُّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ دِينَارٍ الصَّائِغُ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، رَضِيَ اللّٰهِ عَنْهُ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالنَّقِيرِ، وَالْمُزَفَّتِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے دباء نقیر مزفت کے برتنوں کو (استعمال) کرنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَبِيرِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ الْكَاشْغَرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ يَسَارٍ

یہ حدیث عبدالکریم بن دینار سے یحییٰ بن اسحاق روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں احمد بن سیار اکیلے ہیں۔

6954 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُهْزَاذَ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ الْكَاشْغَرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ دِينَارٍ الصَّائِغُ، ثَنَا اَبُو اِسْحَاقَ السَّبِيعِيُّ، ثَنَا سُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَعَزَّ الْمَاءُ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے ایک سفر میں پانی کم ہوا حضور ﷺ نے ایک برتن منگوایا آپ نے اپنا دست مبارک اس میں رکھا تو میں نے آپ کی انگلیوں سے پانی کے چشمے نکلتے دیکھا۔

6953- أخرجه مسلم: الأشربة جلد 3صفحه1583، والنسائي: الأشربة جلد8صفحه276 (باب الاذن في الانتباذ التي خصها بعض الروايات التي أثبتنا ذكرها) .

6954- أخرجه البخاري: المناقب جلد5صفحه597 رقم الحديث: 3633 .

...، فَوَضَعَ يَدَهُ فِيهِ، فَلَقَدْ رَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ دِينَارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ الْكَاشْغَرِيُّ

یہ حدیث ابواسحاق سے عبدالکریم بن دینار روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن اسحاق الکاشغری اکیلے ہیں۔

6955 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا أَبِي، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَاجٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعُمْرَةُ إِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا، وَالْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک عمرہ سے دوسرے عمرے تک درمیان میں گناہوں کا کفارہ ہے اور حج مبرور کی جزاء صرف جنت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ إِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَاجٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَرَّانِيُّ، عَنْ أَبِيهِ

یہ حدیث عبداللہ بن سعید بن ابوہند سے ولید بن عمرو بن ساج روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبیداللہ بن حرانی اپنے والد سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

6956 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ حُرَيْثٍ، ثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ الْكَوْسَجُ، ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثَنَا أَبِي، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْتَشَلَ مِنْ كَتِفٍ، ثُمَّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے دستی کھائی‘ پھر نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

6955- أخرجه البخاري: العمرة جلد3صفحه698 رقم الحديث: 1773‘ ومسلم: الحج جلد2صفحه983 .

6956- أخرجه البخاري: الوضوء جلد1صفحه37 رقم الحديث: 207‘ ومسلم: الحيض جلد1صفحه273 .

صَلَّى، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ إِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ إِلَّا عَبْدُ الصَّمَدِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الصَّمَدِ إِلَّا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو بَكْرِ بْنُ حُرَيْثٍ

یہ حدیث داؤد بن ابوہند سے عبدالوارث اور عبدالوارث سے عبدالصمد اور عبدالصمد سے اسحاق بن منصور روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ابوبکر بن حریث اکیلے ہیں۔

6957 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْعَبْدِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ يُونُسَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: تَزَوَّجَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا بِنْتُ سِتِّ سِنِينَ، وَأُدْخِلْتُ عَلَيْهِ وَأَنَا بِنْتُ تِسْعِ سِنِينَ، وَمَكَثْتُ عِنْدَهُ تِسْعًا، فَهَلَكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا بِنْتُ ثَمَانِيَ عَشْرَةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے نکاح کیا' اس وقت میری عمر چھ سال تھی اور میری رخصتی ہوئی اس وقت میری عمر نو سال تھی' میں آپ کے پاس نو سال تک رہی' حضور ﷺ کا وصال مبارک ہوا' اس وقت میری عمر اٹھارہ سال تھی۔

6958 - وَبِهِ: عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: هَلَكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا تَرَكَ فِي بَيْتِي إِلَّا اصُعَ شَعِيرٍ، فَأَكَلْتُهُ حَتَّى مَلَلْتُهُ، فَكِلْتُهُ فَفَنِيَ، فَلَيْتَنِي لَمْ أَكِلْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کا وصال ہوا اس وقت میرے گھر میں ایک مٹھی جو تھے میں اس کو کھاتی رہی یہاں تک کہ اُکتا گئی' میں نے اس کو ناپا تو وہ ختم ہو گئے' کاش! میں اُنہیں نہ ناپتی۔

6959 - وَبِهِ: عَنْ عُرْوَةَ قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: تَزَوَّجَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شَوَّالٍ، وَبَنَى بِي فِي شَوَّالٍ، فَأَيُّ النِّسَاءِ أَحْظَى عِنْدَ زَوْجٍ مِنِّي؟

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے میرے ساتھ شوال کے ماہ میں شادی کی اور میری رخصتی بھی شوال میں ہوئی' کسی عورت کا آپ کے ہاں اتنا مقام نہیں ہوا۔

6957- أخرجه البخاري: النكاح جلد**9**صفحه**96** رقم الحديث:**5133**' ومسلم: النكاح جلد**2**صفحه**1039** .

6958- أخرجه البخاري: الخمس جلد**6**صفحه**241** رقم الحديث:**3097**' ومسلم: الزهد جلد**4**صفحه**2282** .

6959- أخرجه مسلم: النكاح جلد**2**صفحه**1039**' والترمذي: النكاح جلد**3**صفحه**392** رقم الحديث:**1093**' ومسلم: النكاح جلد**1**صفحه**641** رقم الحديث:**1990** .

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ إِلَّا ابْنُهُ، وَلَا عَنِ ابْنِهِ إِلَّا بَكْرُ بْنُ يُونُسَ، تَفَرَّدَ بِهَا: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ

یہ تمام احادیث ابوزناد سے ان کے بیٹے اور ان کے بیٹے سے بکیر بن یونس روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبدالکریم اکیلے ہیں۔

6960 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ سَعْدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ أُمِرْتُ بِالسِّوَاكِ حَتَّى خِفْتُ عَلَى أَسْنَانِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے مسواک کا حکم دیا گیا یہاں تک کہ مجھے اپنے دانتوں پر خوف ہوا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ إِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ

یہ حدیث عطاء بن سائب سے حسین بن واقد روایت کرتے ہیں۔

6961 - وَبِهِ: حَدَّثَنَا أَبِي الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: لَوْ كَانَ لِلْإِنْسَانِ وَادِيَانِ مِنَ الْمَالِ لَالْتَمَسَ الثَّالِثَ، وَلَا يَمْلَأُ بَطْنَ الْإِنْسَانِ إِلَّا التُّرَابُ، ثُمَّ يَتُوبُ اللَّهُ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اگر انسان کی دو وادیاں ہوں مال کی تو وہ تیسری کی خواہش کرے گا، انسان کا پیٹ مٹی ہی بھرے گی، پھر جو اللہ سے توبہ کرتا ہے تو اللہ توبہ قبول کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ إِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ

یہ حدیث عطاء بن سائب سے حسین بن واقد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

6960- اسناده فيه: عطاء بن السائب: صدوق لكنه اختلط، والحديث أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: **12286** . والامام أحمد في مسنده جلد**1**صفحه**315** . وأبو يعلى . وقال الحافظ الهيثمي: رجال أحمد وأبي يعلى ثقات . انظر: مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**101** .

6961- أخرجه الترمذي: المناقب جلد**5**صفحه**665** رقم الحديث: **3793** وقال: حسن صحيح . وأحمد: المسند جلد**5**صفحه**159** رقم الحديث: **21261** .

6962 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُهْزَاذَ، ثَنَا سُلَيْمَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي سَرْحٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْاِيمَانُ بِضْعٌ وَسَبْعُونَ شُعْبَةً، اَرْفَعُهَا: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَدْنَاهَا اِمَاطَةُ الْاَذَى عَنِ الطَّرِيقِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: ایمان کے ستر شعبے ہیں' بلند شعبہ لا الہ الا اللہ ہے' کم از کم راستے سے تکلیف دِہ شی اُٹھانی ہے۔

6963 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا خَلَفُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ جَبَلَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ، اَنَّ الرُّبَيِّعَ بِنْتَ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَاءَ ، اَخْبَرَتْهُ اَنَّ ثَابِتَ بْنَ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ ضَرَبَ امْرَاَتَهُ، فَكَسَرَ يَدَهَا، وَهِيَ: جَمِيلَةُ بِنْتُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيِّ ابْنِ سَلُولٍ، فَاَتَى اَخُوهَا يَشْتَكِي اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: خُذِ الَّذِي لَهَا عَلَيْكَ، وَخَلِّ عَنْهَا قَالَ: نَعَمْ، فَاَمَرَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَرَبَّصَ حَيْضَةً وَاحِدَةً، وَتَلْحَقَ بِاَهْلِهَا

حضرت ربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ حضرت ثابت بن قیس نے اپنی بیوی کو مارا' اس کا ہاتھ توڑ دیا' وہ عورت جمیلہ بنت عبداللہ بن ابی بن ابوسلول ہے' اس کا بھائی' حضورﷺ کے پاس شکایت کے لیے آئے۔ حضورﷺ نے ثابت بن قیس کی طرف کسی کو بھیجا' آپ نے فرمایا: جو اس کے ذمہ ہے وہ لے لے اور اس کو چھوڑ دے۔ حضرت ثابت رضی اللہ عنہ نے عرض کی: جی ہاں! حضورﷺ نے ان کو حکم دیا کہ ایک حیض دور رہو اور اپنے گھر چلی جاؤ۔

6964 - وَبِالْاِسْنَادِ: عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي اَبُو قِلَابَةَ، اَنَّ اَبَا اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيَّ، اَخْبَرَهُ اَنَّ عَمْرَو بْنَ عَبَسَةَ اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ سَاَلَ رَسُولَ

حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ سے پوچھا گیا کہ رات کے کون سے حصے میں دعا کرنا افضل ہے؟ آپ نے فرمایا:

6962- اسناده صحيح . لكن قال الحافظ الهيثمي: رجال اسناده مستورون . انظر: مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **40** . قلت: رجاله كلهم معروفون وثقات .

6963- أخرجه النسائي: الطلاق جلد **6** صفحه **153** (باب عدة المختلعة) .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَیُّ اللَّيْلِ خَيْرُ الدُّعَاءِ ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: جَوْفُ اللَّيْلِ الْآخِرُ ثُمَّ قَالَ: صَلِّ مَا شِئْتَ حَتّٰى تُصَلِّيَ صَلَاةَ الصُّبْحِ، ثُمَّ اقْتَصِرْ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، فَإِنَّهَا تَطْلُعُ فِي قَرْنِ الشَّيْطَانِ، وَحِينَئِذٍ يَسْجُدُ الْكُفَّارُ لَهَا ثُمَّ صَلِّ إِذَا شِئْتَ، حَتّٰى إِذَا انْتَصَفَ النَّهَارُ فَاقْتَصِرْ، فَإِنَّ جَهَنَّمَ تُسْجَرُ حِينَئِذٍ، فَإِذَا فَاءَ الْفَيْءُ فَصَلِّ مَا شِئْتَ حَتّٰى تُصَلِّيَ الْعَصْرَ، ثُمَّ اقْتَصِرْ، فَإِنَّ الشَّمْسَ تَغْرُبُ فِي قَرْنِ الشَّيْطَانِ، وَحِينَئِذٍ يَسْجُدُ الْكُفَّارُ لَهَا قَالَ: وَسَأَلْتُهُ عَنِ الطُّهُورِ، فَقَالَ: إِذَا مَضْمَضْتَ فَاكَ فَإِنَّكَ تَمُجُّ خَطِيئَتَهُ، وَإِذَا غَسَلْتَ يَدَيْكَ غَسَلْتَ خَطِيئَةَ يَدَيْكَ، وَاَظْفَارِكَ، وَاَنَامِلِكَ، وَإِذَا غَسَلْتَ رِجْلَيْكَ، غَسَلْتَ خَطِيئَتَكَ مِنْ بَطْنِ قَدَمَيْكَ، وَإِذَا صَلَّيْتَ فَأَقْبَلْتَ إِلَى اللّٰهِ بِقَلْبِكَ كَانَتْ كَفَّارَةً، وَإِنْ جَلَسْتَ وَجَبَ اَجْرُكَ

آخری حصے میں۔ پھر فرمایا: صبح کی نماز تک جو چاہے پڑھے' پھر رُک جاؤ یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے کیونکہ اس وقت شیطان کے سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے۔ اس وقت کافر سجدہ کرتے ہیں' سورج کو' پھر جو چاہے نماز پڑھے یہاں تک کہ دوپہر ہو جائے' جب دوپہر ہو جائے تو نماز پڑھنے سے رُک جاؤ کیونکہ اس وقت جہنم تپائی جاتی ہے' جب سایہ ہو جائے تو جو چاہے پڑھے نمازِ عصر تک' پھر رُک جاؤ کیونکہ سورج شیطان کے سینگوں کے درمیان غروب ہوتا ہے' اس وقت کفار سجدہ کرتے ہیں۔ میں نے آپ سے وضو کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: جب تو کلی کرے گا تو سارے گناہ ختم ہو جائیں گے' جب تُو اپنے ہاتھ دھوئے گا تو تیرے ہاتھوں اور ناخنوں کے گناہ دُھل جائیں گے' جب تُو اپنے پاؤں دھوئے گا تو تیرے قدموں کے گناہ دُھل جائیں گے' جب تُو نماز پڑھے گا تو اللہ کی طرف دل سے متوجہ ہو' تو تیرے سارے گناہ معاف ہو جائیں گے' جب تُو بیٹھے گا تیرے لیے اجر و ثواب ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: عُثْمَانُ بْنُ جَبَلَةَ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ

یہ دونوں حدیثیں یحییٰ بن ابوکثیر سے علی بن مبارک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عثمان بن جبلہ بن ابورواد اکیلے ہیں۔

6965 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا اَبُو فَرْوَةَ يَزِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ سِنَانَ

حضرت ابن ابوثعلبہ الخشنی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ رہے

6965- اسناده فيه: أ- أبو فروة يزيد بن محمد بن يزيد بن سنان الرهاوي: مستور . ب- محمد بن يزيد بن سنان الرهاوي: ضعيف . ج- يزيد بن سنان الرهاوي: ضعيف . واكتفى الحافظ الهيثمي بتضعيفه بمحمد الرهاوي . انظر: مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**110** .

الرُّهَاوِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، اَنَّ حَمَّادَ بْنَ اَبِي سُلَيْمَانَ، حَدَّثَهُ، اَنَّ الْحَسَنَ الْبَصْرِيَّ، حَدَّثَهُ، حَدَّثَنِي ابْنٌ لِاَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي اِذْ سَمِعَ رَجُلًا يَدْعُو: الْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ كَمَا يَنْبَغِي لِكَرَمِ وَجْهِ رَبِّنَا، وَعِزِّ جَلَالِهِ . فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَيُّكُمُ الْقَائِلُ كَذَا وَكَذَا؟ لَقَدْ رَاَيْتُ اثْنَيْ عَشَرَ مَلَكًا يَبْتَدِرُونَهَا ، ثُمَّ شَخَصَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَرَهُ، حَتَّى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ قَالَ: هِيَ لَكَ بِخَاتَمِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمِثْلُهَا

